فرامینِ سلاطین

مُرتّبۂ

خاکسار بشیر الدین احمد تعلّقہ دار

میرے والد ماجد مولوی نذیر احمد صاحب مرحوم و مغفور کی کتب تصانیف

نمبر	نام کتاب	قیمت بلا جلد	محصولڈاک
	مولوی نذیر احمد صاحب کا ترجمہ کلام مجید اردو کا بہترین ترجمہ مان لیا گیا ہے جس کی قریب قریب ایک لاکھ کاپیاں اب تک ہدیہ ہو چکی ہیں اس کلام مجید کا ترجمہ مختلف تقطیع پر چھپا ہے جس کی صراحت ذیل میں ہے۔		
۱	**بڑا قرآن شریف**۔ جلی قلم۔ کاغذ سفید عمدہ چکنا ولایتی سطور پر حنائی رنگ صفحہ ۸۷۰ تقطیع ۲۲-۲۹ دو صفحہ مع فہرست مضامین و فرہنگ الفاظ اردو۔ مجلد عـه؍	عـه؍	۱عہ؍
۲	**جامع المصاحف** متوسط قرآن تقطیع ۲۲-۲۹ چوصفحہ صفحہ ۸۷۰ کاغذ سفید چکنا ولایتی سطور پر حنائی رنگ با ترجمہ اردو مع فہرست مضامین و فرہنگ الفاظ اردو مجلد ۱۲ عہ؍	۸صہ؍	۱۴؍
۳	**غرائب القرآن** تقطیع ۲۲-۲۹ صفحہ ۱۱۴۸ اس میں ایک طرف کلام مجید ہے صفحہ مقابل پر ترجمہ حاشیہ پر حل لغات عربی۔ کاغذ حنائی اور سفید دو قسم کا ہے کاغذ سفید مجلد ۸عہ	سے؍	۱عہ؍
۴	**حمائل شریف**۔ ترجمہ بین السطور سطور پر حنائی رنگ تقطیع ۱۶+۲۲ صفحہ ۱۰۶۴ مع فہرست مضامین و فرہنگ لغات اردو سفر میں ساتھ رکھنے کے قابل مجلد ۸صہ	للعہ	۸؍
۵	**دہ سورہ** فی احسن الصورۃ مترجم پنج سورہ کی جگہ یہ دہ سورہ ہے وظیفہ پڑھنے والوں کے لیے بہت ضروری تقطیع ۱۶+۲۲ صفحہ ۱۴۴	۱؍	۳؍
۶	**ادعیۃ القرآن** قرآن شریف کی ساری دعائیں مع ترجمہ و خواص تقطیع ۱۶+۲۲ صفحہ ۱۰۰ (ٹائٹل سادہ رنگین)	۱۰؍ ۱۲؍	۳؍
	الحقوق والفرائض تقطیع ۲۲+۲۹ صفحہ ۱۰۳۶ مذہب اسلام کے سارے مسائل کا مجموعہ قرآن شریف کی آیات اور احادیث کے ترجمہ کے ساتھ ہر مسلمان کے گھر میں جو مذہب سے واقفیت رکھنا چاہتا ہو اس کتاب کا ہونا لازمات میں سے ہے حصہ اول ۶عہ حصہ دوم ۱۲؍ حصہ سوم ۱۲عہ اور پورا سٹ	۸صہ	۱۴؍
۷	**اجتہاد** تقطیع ۲۲+۲۹ صفحہ ۱۲۶ اسلام کی		

نمبر	نام کتاب	قیمت بلا جلد	محصولڈاک
	حقانیت کا دلائل و براہین قاطعہ سے اثبات جو مسلمان اپنے عقیدہ میں پکا ہونا چاہے وہ اس کتاب کو ضرور دیکھے	۴عہ	۵؍
۸	**حیات النذیر** یعنی مولانا کی مفصل سوانح عمری مع فوٹو اور دو عکسی خطوط کے تقطیع ۲۲+۲۹ صفحہ ۴۷۸	سے؍	۱۱؍
۹	**نظم بے نظیر** تقطیع ۲۰+۲۶ مولانا کی کل نظموں کا مجموعہ بصراحت اس امر کے کہاں اور کس موقع پر پڑھی گئیں	۴عہ	۵؍
۱۰ تا ۱۲	**مراۃ العروس۔ بنات النعش۔ توبۃ النصوح** یہ تینوں کتابیں اس کثرت سے مروج ہیں کہ کسی مزید تقریب کی ضرورت نہیں بازار میں کثرت سے سستی قیمت پر ملتی ہیں مگر خط اچھا نہ کاغذ اچھا ہمارے خاص اہتمام اور نگرانی سے چھپوائی ہوئی۔ کاغذ عمدہ لکھائی چھپائی دیدہ زیب اور فٹ نوٹ میں تمام الفاظ کے معانی تقطیع ۲۰+۲۶ صفحات علی الترتیب ۸۶-۱۵۰-۱۸۸	فی نسخہ عہ؍	۵؍
۱۳	**محصنات** تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۲۱۲ تعدد ازدواج کے روح فرسا نتائج	۴عہ	۵۰؍
۱۴	**ایامی** بیواؤں کی حالت کا دردناک فوٹو تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۲۱۲	۴عہ	۵؍
۱۵	**رویائے صادقہ** تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۲۱۵ مختلف مذاہب کا مقابلہ اسلام سے	۴عہ	۵؍
۱۶	**ابن الوقت** تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۲۰۶ انگریزی وضع کی کورانہ تقلید کے تباہ کن نتائج	۴عہ	۵؍
۱۷	**موعظہ حسنہ** مولانا کے اصلی نصیحت آمیز خطوط اپنے فرزند کے نام تقطیع ۲۰+۲۶ صفحات ۱۷۴	۴عہ	۵؍
۱۸	**منتخب الحکایات** بچوں کے لئے چھوٹی چھوٹی دلچسپ نتیجہ خیز کہانیاں تقطیع ۲۰+۲۶ صفحات ۸۰	۸؍	۳؍
۱۹	**چند پند** مفید و نصیحت آمیز مختلف مضامین کا مجموعہ بچوں کے لئے تقطیع ۲۰+۲۶ صفحات ۷۲	۸؍	۳؍
۲۰	**صرف صغیر**۔ اردو زبان میں فارسی گرامر تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۴۴	۶؍	۳؍
۲۱	**نصاب خسرو** جدید طرز کی خالق باری تقطیع ۲۰+۲۶ صفحہ ۲۸	۶؍	۳؍

مالک الملک تؤتی الملک من تشاء وتنزع الملک ممن تشاء

(سارے) ملک کے مالک تو (ہی) جس کو چاہے سلطنت دے اور تو ہی جس سے چاہے سلطنت چھین لے

شاہ ہوں یا ہوں گدا محکوم ہوں یا حکمراں
وہ نہیں مرتے کبھی جیتی ہیں جن کی نیکیاں

فرامین سلاطین

مرتبہٗ
خاکسار بشیر الدین احمد دہلوی۔ ایم۔ آر۔ اے۔ اس (لندن)
اول تعلقہ دار (کلکٹر) پنشنر سرکار عالی حضور نظام دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

جس میں شاہان سلف و حال کے (۱۰۰) فرامین اور فرمانوں وغیرہ کے (۸) عکسی فوٹو ہیں

حسب فرمائش مولوی منذر احمد صاحب۔ بی۔ اے

سنہ ۱۳۵۴ھ
۱۹۳۶ء

مطبوعہ دلی پرنٹنگ ورکس فاٹن آرٹ لیتھو برانچ دریا گنج۔ لال کوٹھی دہلی

طبع اول ایک ہزار۔ قیمت بلا جلد (سے) مجلد (للعہ) محصول ڈاک مجلد (۳؍) بلا جلد (۱؍)

مٰلِکَ الْمُلْکِ تُؤْتِی الْمُلْکَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْکَ مِمَّنْ تَشَآءُ

(سارے) ملک کے مالک تو (ہی) جس کو چاہے سلطنت دے اور تو (ہی) جس سے چاہے سلطنت چھین لے

شاہ ہوں یا ہوں گدا محکوم ہوں یا حکمراں
وہ نہیں مرتے کبھی جیتی ہیں جن کی نیکیاں

فرامینِ سلاطین

مُرتبۂ

خاکسار بشیر الدین احمد دہلوی۔ ایم۔ آر۔ اے۔ اس (لندن)
اوّل تعلقہ دار (کلکٹر) پنشنر سرکارِ عالی حضور نظامِ دکن خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ

جس میں شاہانِ سلف و حال کے (۱۰۰) فرامین اور فرمانوں وغیرہ کے (۸) عکسی فوٹو ہیں

حسبِ فرمائش مولوی منذر احمد صاحب۔ بی۔ اے

سنہ ۱۳۴۴ھ
۱۹۲۶ء

مطبوعہ دِلّی پرنٹنگ ورکس فائن آرٹ لیتھو برانچ دریا گنج۔ لال کوٹھی دہلی

طبع اوّل ایک ہزار۔ قیمت بلا جلد (ے) مجلّد (للعہ) محصول ڈاک مجلّد (۱۴۱) بلا جلد (۱۱)

His Exalted Highness The Nizam of Hyderabad (Deccan).

اعلی حضرت قوی قدرۃ بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی حضور نظام خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ۔

His Exalted Highness The Nizam of Hyderabad (Deccan).

اعلی حضرت قوی قدرة بندگان عالی متعالی مدظلہ العالی حضور نظام خلداللہ ملکہ و سلطنتہ -

سال و فال و مال و حال و اصل و نسل و تخت و بخت

یارب اندر ہر دو گیتی برقرار و بر دوام

سالِ خورم فالِ نیکو مالِ وافر حالِ خوش

اصلِ ثابت نسل باقی تخت عالی بخت رام

اِس مجموعہ فرامینِ سلاطین کو یہ خانہ زاد نمک خوارِ آبائی ہز اگزالٹیڈ ہائینس اعلیٰ حضرت قدرِ قدرت بندگان عالی متعالی سپہ سالار مظفر الملک و الممالک نظام الدولہ نظام الملک نواب میر عثمان علیخان بہادر فتح جنگ آصف جاہ سابع یار وفادار سلطنت برطانیہ۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ جی۔ سی۔ بی۔ ئی خلد اللہ ملکہٗ و سلطنتہٗ کے نام نامی اور اسم گرامی سے نہایت فخر مباہات سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے۔

آنانکہ خاک را بنظر کیمیا کنند

آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

گزرانیدہ نمک خوارِ جاں نثار

فدوی بشیر الدین احمد تعلقہ دار

سال و فال و مال و حال و اصل و نسل و تخت و بخت

یارب اندر ہر دو گیتی برقرار و بر دوام

سالِ خورم فالِ نیکو مالِ وافر حالِ خوش

اصلِ ثابت نسل باقی تخت عالی بخت رام

اِس مجموعہ فرامینِ سلاطین کو یہ خانہ زاد نمک خوارِ آبائی ہز اگزالٹیڈ ہائینس اعلیٰ حضرت قدرِ قدرت بندگان عالی متعالی سپہ سالار مظفر الملک و الممالک نظام الدولہ نظام الملک نواب میر عثمان علیخان بہادر فتح جنگ آصف جاہ سابع یار وفادار سلطنت برطانیہ۔ جی۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ جی۔ سی۔ بی۔ ئی خلد اللہ ملکہ و سلطنتہ کے نام نامی اور اسم گرامی سے نہایت فخر مباہات سے معنون کرنے کی عزت حاصل کرتا ہے۔

آنانکہ خاک را بہ نظر کیمیا کنند

آیا بود کہ گوشۂ چشمے بما کنند

گزرانیدۂ نمک خوار جانثار

فدوی بشیر الدین احمد تعلقہ دار

هو الناصر

دیباچۂ کتابِ ہشت آئین فرامینِ سلاطین از فقیر ناصر نذیر فراق جانشین حضرت درد رحمۃ اللہ علیہ

گردشِ ساغرِ صد جلوۂ رنگیں تجھ سے
آئینہ داریِ یک دیدۂ حیراں مجھ سے

کلیاں ہوں یا پھول میوے ہوں یا پھل ویسے تو ان کی ہر وقت چاہت ہوتی ہے مگر جب رُت ختم ہو جاتی ہے تو پھر اُن کی اللہ آمین ہونے لگتی ہے ایک طرف سے صدا آتی ہے ختمی بہار ہے دوسری طرف سے کہنے والا کہتا ہے ؎ آغوشِ گل کشودہ برائے وداع ہے ✣ اے عندلیب چل کہ چلے دن بہار کے ✣ اس وقت گاہک ٹوٹ پڑتے ہیں ان چیزوں کی مانگ حد سے بعید ہو جاتی ہے آدمی کی اولاد کا بھی یہی حال ہے بڑے چھوٹے نتّنے نکڑے سب ہی پیارے ہوتے ہیں کولے کولے آنچ ہے مگر سب سے پچھلا بچّہ جسے عورتیں پیٹ پونچھن کہتی ہیں اس پر ماں باپ جی جان سے فدا ہوتے ہیں کیونکہ اس بچّہ کی پیدایش خبر دیتی ہے کہ آگے اللہ کا نام ہے اب نخلِ امید کبھی نہ پھلے پھولے گا اسی طرح ہمارے دل میں اگلے مسلمان بادشاہوں کی جیسے قطب الدین ایبک شمس الدین التمش تغلق خلجی لودی ہیں ضرور محبت ہے مگر چونکہ اسلامی سلطنت کا خاتمہ ہندوستان میں آلِ تیمور نے کیا اس لیئے ہماری نگاہوں میں مغل بادشاہوں کی ساری ادائیں ابتک سما رہی ہیں اور ہمارے بچوں کی زبان پہ بابر اور ہمایوں کی داستانیں رہتی ہیں کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم نے فرمایا الا لا ایمان لمن لا محبتہ لہ الا لا ایمان لمن لا محبتہ لہ الا لا ایمان لمن لا محبتہ لہ یوں تو ان مٹنے والوں نے اپنی بہت سی نشانیاں چھوڑیں ہیں آگرہ میں تاج گنج فتح پور سیکری میں قصر و ایوان - دلی میں ہمایوں کا مقبرہ لال قلعہ جامع مسجد - الہ آباد لاہور احمد آباد گجرات وغیرہ اکثر بلاد و امصار میں اُن کے آثار موجود ہیں جنھیں دیکھکر ہمارا دل ٹھنڈا ہوتا ہے مگر ان چیزوں کے علاوہ اُن کی یادگار اُن کے فرمان اُن کے منشور اُن کے دستور العمل ہیں جو دارالانشا شاہی سے وقتاً فوقتاً جاری ہو کر ممالک میں پہنچے اُن کے پڑھنے سے ہمیں اُن کے جبروت اور اُن کی سطوت اُن کی ہمت اُن کی شجاعت اُن کی سخاوت اُن کی لیاقت کا

اندازہ ہوتا ہے ابوالفضل کے پہلے اور دوسرے دفتر کے دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ عبد اللہ خاں سپہدار توران شاہ عباس تخت نشین ایران والی کاشغر شرفائے مکہ معظمہ شاہزادہ مراد خانخاناں ولد محمد بیرم خاں حکیم ہمام اعظم خاں کوکلتاش عمالان ممالک محروسہ فرمانروائے خاندیس برہان نظام الملک سند نشین احمدنگر و انایان فرنگ وغیرہ وغیرہ کے نام جو فرمان خطاب نامجات جلال الدین اکبر کی طرف سے لکھے گئے ہیں اُس میں نظم دفتر کے کیا پہلو ہیں ہمپر بادشاہوں کے مراتب کا کیا پاس و لحاظ ہے تورۂ چنگیزی کی کیا آن بان ہے ملک واری سیاست سفارت مذاہب مشارب فوج کشی حملہ آوری یلغاروں کو کس اسلوب سے ادا کیا ہے ابوالفضل جب کشمیر کا ذکر چھیڑتا ہے تو ہماری نگاہوں کے روبرو وہ خطۂ جنت نظیر اور اُس کی شادابی زعفران و بنفشہ گل و ریاحین کی تازگی و سیرابی سیب و انگور کی فراوانی دریاؤں کی روانی برف کا پڑنا بادشاہ کا پگلی و دنتور کے رستہ سے بڑھنا راہ میں درختوں کا ہجوم خارہ تراشوں کی ہجوم ہماری آنکھوں کے سامنے آجاتی ہیں نہ وہ اطفال دبستاں جو منشی فاضل پاس کرنے کے لیے ان دفتروں کو درساً درساً پڑھتے ہیں بلکہ وہ عقلا اور اہل الرائے جن کے ہاتھ میں اس وقت ہندوستان کی عنانِ حکومت ہے ان فرامین کو پڑھتے ہیں اور جب غور سے دیکھتے ہیں تو سمجھکر حیران ہو جاتے ہیں کہ اکبر اعظم کیا چیز تھا اور اُس کا منشی کتنا باتمیز تھا جس کا قلم ایران توران کے بادشاہوں کو کس طرح دھمکی دیتا ہے پھر کسطرح تھپکتا ہے اپنے خزانوں کی معموری اپنی سپاہ کی کثرت اپنی فتح مندیاں کس خوبی سے ان پر جتاتا ہے بادشاہزادوں اور امرا اور علماء اور مشایخ کی کس طرح دلجوئی کرتا ہے اگر پوچھا جائے ان فرامین کا مجموعہ کب مرتب ہوا کس نے مرتب کیا تو یہی کہا جائیگا کہ اکبر کے عہد میں مرتب ہوا ابوالفضل کے نورعین عبد الرحمٰن نے مرتب کیا فرمانوں کے سودے گھر میں موجود تھے ہونہار بیٹے نے اُن کے دفتر بنادیئے جمہور کے سامنے پیش کیے زمانہ اگر مسلمانوں کے آجتک موافق رہتا تو ابوالفضل کے تین دفتروں جیسے سینکڑوں دفتر ہمارے پاس ہوجاتے مگر سے بہر ساعت بہر لحظہ بہ ہر دم + دگرگوں میشود احوالِ عالم - شاہجہاں آگرہ کے قلعہ میں معتکف ہوئے اورنگ زیب عالمگیر دکن کے جھگڑوں میں اُلجھ گئے اور اُن کے بعد تو سلطان اور اُن کے مشغلے ایسے اُلٹ پلٹ ہوئے کہ آجتک اُن کے تھل بیڑے کا پتہ ہی نہیں کیسی تصنیف و تالیف اور فی زمانہ تو سلطنت ہند انگریزی سانچہ میں ڈھل گئی بادشاہ وقت کا مذہب کچھ اور اُس کے آئین و قوانین الگ اُنکی زبان اُسکی النساجدا الناس علی دین ملوکہم ہم بھی مذہب کے سوا بادشاہ بلکہ اپنے شاہنشاہ کی سب باتوں میں مقلد اور پیرو ہوگئے مگر جس طرح دودھ چھٹے بچہ کو دودھ کا کھٹکا ہوتا ہے ہمیں مغلیہ کی مٹی ہوئی شان و شوکت یاد آجاتی ہے اور دل کہتا ہے تختِ طاؤس کیسا ہوگا اور شاہجہاں کیونکر دربار کرتا ہوگا

سعد اللہ خاں وزیر اُس کا قلمدانِ وزارت لیکر کس طرح حاضر ہوتا ہوگا حضور والا کے سامنے عرضیاں کیونکر پیش ہوتی ہونگی جہاں پناہ اُس پر صاد کیونکر کرتے ہوں گے احکامِ شاہی کیونکر نفاذ پاتے ہوں گے درباری جامے پہنے گتھل دار پگڑیاں سر پر رکھے کمر پٹکے سے باندھے سر جھکائے کس طرح چپ کھڑے ہوتے ہونگے۔ نقیب چوبدار کس قاعدے سے راجہ اور والیانِ ملک سے کورنش اور مجرے کرواتے ہونگے خلعت ہفت پارچہ جیغہ سرپیچ گوشوارہ مالائے مروارید سپر و شمشیر مرصع ماہی مراتب جڑاؤ پالکی نالکی کیسی ہوگی جو خارج میں وجود نہ رکھتی ہوئے سے ہم کیونکر دیکھ سکتے ہیں یہ سماں ہماری نظروں میں کیونکر آسکتا ہے مگر مرکزِ دائرہ سخنوری وسخن دانی فیضی وابوالفضلِ ثانی مخدومی محترمی مولانا بشیر الدین احمد صاحب تعلقہ دار سرکار نظام نے اعجاز کیا کہ ہمیں شاہجہاں اور اورنگ زیب کا دور آنکھوں سے دکھا دیا یعنی ان دونوں شاہانِ عالی تبار کے متعدد فرامین کا مجموعہ مرتب کرکے ہم ندیدوں کے روبرو رکھدیا جن کے مطالعہ سے ہمیں گمان ہوتا ہے کہ ان سلاطین کا دربار اُن کے جاہ و حشم اُن کی داد وہش سب کچھ دیکھ رہے ہیں سبحان اللہ صل علی بات یہ ہے کہ یہ کام مولانا بشیر الدین احمد صاحب کا حصہ تھا کیونکہ آپ اقلیم دکن میں سالہا سال ایک رکن سلطنت بنکر رہے ہیں جو بالکل اور سرتاسر آئین و قوانین اور مراسم و رواج میں مغلیہ سلطنت کا نمونہ ہے اور آپ نے اس ملک کے چپہ چپہ کو عاقلانہ اور حکیمانہ طور پر دیکھا ہے اور خطۂ بیجاپور کی ایک بہت بڑی تاریخ لکھ کر اپنے آقا کے حضور میں گذرانی ہے آپنے یہ مجموعہ کیا مرتب کیا ہے گویا خزاں کے موسم میں جس کے اندر پھول کی ایک پنکھڑی دستیاب نہ ہوتی ہو ایک فردوس بریں اور ایک بہشت نگاریں ہمارے سیر کے لیئے لاکر ہمارے آگے رکھدی ہے یہ کام کسی دوسرے کے بوتے کا ہرگز نہ تھا آپ ایک ذی اثر ذی اعتبار ذی علم رئیس ابنِ رئیس اور امیر ابنِ امیر شخص ہیں جس دوست سے آپنے کہدیا کہ مغلیہ کے یادگار اگر آپ کے پاس کوئی کاغذ یا سند ہے تو لے آیئے اُس نے سرِ تسلیم خم کیا اور اپنے گھر سے سینکڑوں برس کے نایاب اور چھپے چھپائے گوہرِ آبدار لے آئے اور آپ نے اپنے مجموعہ کی لڑی میں پرو لیا۔

مگر اُس کے ساتھ ہی ایک دقت یہ بھی تھی کہ اگلے زمانے کے کتابوں کے اندازِ تحریر اس وقت کی خط و کتابت سے بالکل جدا ہیں کوئی فرمان خطِ نستعلیق میں کوئی شکستہ میں کوئی شفیعہ میں پھر جن جن کارکنوں کے ہاتھ میں وہ فرمان پہنچا ہے انھوں نے ضرورتاً اس پر کہیں ثلث میں کہیں طغرا میں کہیں خطِ بہاری میں اپنی توضیحات ارقام کی ہیں اُن کا پڑھنا اور پڑھانا اور سمجھنا اور سمجھانا دشوار تھا مگر چونکہ آپ دکن میں بیجاپور کی عمارتوں کے کتابے اور دھلی کی تاریخ لکھنے کے وقت یہاں کے قدیم جدید الواح

اور نگین نوشتوں کو حل کر چکے اس لیئے آپ نے ان فرامین کی عبارات اور املا اور انشا کو بخوبی معلوم کر لیا اس مجموعہ میں آپ نے چند فرامین کا فوٹو بھی بنوا کر شامل کیا ہے جن کے دیکھنے سے ناظرین گویا اصل فرمان دیکھ لیں گے اس مجموعہ کے جس کا نام **فرامینِ سلاطین** ہے آپ مولف ہیں مگر فی الواقع آپ اس دور کے بڑے مصنفوں میں شمار ہوتے ہیں اور آپ نے بے شمار کتابیں لکھکر شائع فرما دی ہیں جو ملک کی بہبودی اور قوم کی آسودگی کے لیئے اکسیر اور آبحیات کا حکم رکھتی ہیں جس طرح آپ نثارِ بے بدل ہیں اسی طرح آپ شاعر خوش بیان بھی ہیں چند روز ہوئے جو آپ نے دیوان مرتب کر کے چھاپا ہے اور ہاتھوں ہاتھ نکل رہا ہے۔ اسمیں تو کوئی شبہ نہیں کہ آپ بڑے باپ کے بیٹے ہیں مگر حقیقت یہ ہے کہ آپ بذاتِ خاص علم و ہنر کے باپ ہیں۔ ؎ گرد نام پدر چہ میگردی + پدرِ خویش باش گر مردی۔

تاریخ ترتیب فرامین سلاطین از فقیر حقیر ناصر نذیر فراق جانشین حضرت درد دہلوی

کیوں نہ جھک جائے ادب سے سرو بیر چرخ کا　　دیکھ لی شان بشیر الدین احمد واہ وا
ہر کہیں ہے ڈھر کہیں ہے حاسدِ ناشاد کا　　تیغ برّانِ بشیر الدین احمد واہ وا
رشک کرتے ہیں ملایک اور حوریں خلد میں　　ساز و سامانِ بشیر الدین احمد واہ وا
غیرتِ باغ ارم ہے رو کشِ خلد بریں　　یہ شبستانِ بشیر الدین احمد واہ وا
دے رہے ہیں گنج علم و فن کے اپنی قوم کو　　پُر ہے دامانِ بشیر الدین احمد واہ وا
چھاپ ڈالے خط سلاطینِ سلف کے بیدریغ　　واہ فیضانِ بشیر الدین احمد واہ وا
دیکھیں عالمگیر اور شاہ جہاں کے ہم خطوط　　لطف و احسانِ بشیر الدین احمد واہ وا

مصرعہ تاریخ کی گر فکر ہے تجھکو **فراق**
کہہ "خیابانِ بشیر الدین احمد واہ وا"

۱۳۴۲ھ

دیباچۂ دوم

برآر از مدِ بسم اللہ تیغِ خوش مقالی را
مسخر کن سوادِ اعظمِ نازک خیالی را

واللہ جو سرِ لوح ترا نام نہ ہوتا + ہرگز کسی آغاز کا انجام نہ ہوتا

حمد و نعت کا عقدہ مالاینحل ہے عقل انسانی یہاں دنگ ہے رسائی وہاں تک محال۔

اگر یک سرِ موئے برتر پرم + فروغِ تجلی بسوزد پرم

جب خود رسولِ مقبول علیہ تحیتہ والسلام جیسے مقربِ بارگاہِ ایزدی فرمائیں کہ ما عرفناک حق معرفتک تو ہم بیچارے کس شمار قطار میں ہیں اور ہماری کیا بساط اور کیا مجال ہے کہ گام فرسائی اور تگ و دو کریں

تو ہے خیال سے بلند، تیرا خیال ہو تو کیا + تیری صفت میں عقل کو، لافِ کمال ہو تو کیا
تیرا حریمِ ناز جب اونچا ہو لامکان سے بھی + لاکھ بلند و تیز رَو مرغِ خیال ہو تو کیا

رباعی

ہر شان میں ہے شان نرالی تیری + سر جھکتے ہیں درگاہ ہے عالی تیری
آباد ہے ہر نام سے دل کا مندر + آنکھوں میں ہے تصویرِ خیالی تیری

اب دوسرا مرحلہ نعت کا ہے اس راہ کا کما حقہٗ طے کرنا بھی قوتِ بشری اور امکانِ انسانی سے خارج ہے یہاں بھی قدم نہیں ٹکتا۔

رباعی

تاج ہے فرق نبی کا فتدلٰی کیا ہے + قاب قوسین سے ظاہر ہے کہ رتبہ کیا ہے
منکرِ قولِ شفاعت سے یہ پوچھے کوئی + معنیِ آیت یُعطیک فترضیٰ کیا ہے (حضورِ نظام)

جس کی شان میں خود رب العالمین فرماتا ہے کہ لَولاکَ لَمَا خَلَقتُ الاَفلاک۔ اس سے بڑھ کے اور کوئی کیا کہے گا۔ ہم یہ کہہ کر چپ ہیں۔ ع بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر۔

محمد پیشوا اور رہنمائے خلق دعالم ہیں + معزز ہیں مقدس ہیں معظم ہیں مکرم ہیں

لہ جناب فراقؔ صاحب نے میری محنت بٹانے کو دیباچہ لکھدیا ہے۔ دیباچہ کیا لکھا ہے کتاب کا عطر کھینچ دیا ہے۔ ایسا لکھا ہے کہ بہت خوب لاجواب۔ دریا کو کوزے میں بند کر دیا ہے جو کہنا تھا وہ بلا کم و کاست کہدیا ہے مجھے اب دیباچہ لکھنے کی اسوجہ سے ضرورت نہ تھی کہ جو لکھا ہے مجھ سے بہتر لکھا ہے پھر اس سے بڑھکر میں کیا لکھتا اثر نو لوٹ لیا بات نے تیری وہ رہا نہ کچھ بھی میرے عرض مدعا کیلئے۔ اب میں نے جو کچھ عرض کیا ہے وہ محض اس خیال سے کہ ع تصنیف را مصنف نیکو کند بیاں میں بھی لہو لگا کے شہیدوں میں مل جاؤں ۱۲۔

فروغِ محفلِ ہستی ہیں نورِ عرشِ اعظم ہیں + حبیبِ حق، ممدوحِ ملک ہیں فخرِ آدم ہیں

انہیں کے رنگ سے رنگِ گُلِ ہستی کی رنگت ہے

انہیں کی بو سے عطر آگیں بنی آدم کی طینت ہے

دنیا میں جو چیز جتنی نادر اور کم یاب ہے اُتنے ہی لوگ اُس کی خواہش اور تمنا کرتے ہیں۔ دیکھیئے سونے اور جواہر کی قدر کیسی ہے۔ کیوں۔؟۔ یہ صرف اس لیئے کہ یہ چیزیں سخت مشکل اور وقت سے دستیاب ہوتی ہیں گوگردِ احمر۔ سنگِ پارس۔ کیمیا۔ ہما۔ عنقا سب جتنی ناپید اور مشکل الحصول ہیں اُتنے ہی ان کی تلاش میں ہر شخص سرگرداں و پریشان ہے۔ ؎ (۱) اے ہمتِ مردانہ تیری شان بڑی ہے + پارس ہے تو اکسیر ہے لالوں کی جڑی ہے + (۲) اکسیر پہ ہوس اتنا نہ ناز کرنا + ہے کیمیا سے بہتر دل کا گداز کرنا (۳) اگر ہے نام کی خواہش تو عنقا کی طرح رہیئے + کہ ڈھونڈے لاکھ کوئی پر نہ ظاہر ہو نشاں اپنا + ریڈیم کو لیجیئے۔ وہ ایک بہت نادر الوجود کمیاب دھات ہے اس واسطے اُس کی ایک رتّی کی قیمت بھی ایسی گراں ہے کہ دھری جائے نہ اُٹھائی جائے۔ غرض معلوم ہوا کہ دنیا میں نادر چیزوں کی سب سے بڑھ کر قدر ہے۔ فرامینِ سلاطین بھی اسی صنف میں داخل ہیں۔ ڈھونڈے اُن کا پتہ نہیں ملتا۔ فنا کے ہاتھوں سب فنا ہیں ؎ اچھوں کے لیئے گرمئے بازارِ فنا ہے + پہلے وہی چُھنتا ہے جو کھوٹا نہیں ہوتا جب وہ بادشاہت ہی نہ رہی جن کی عظمت اسطوت اور جبروت کا مشرق سے مغرب تک چار دانگ عالم میں ڈنکا بجتا تھا اور جن کی نسبت بہ قول فیصل تھا کہ "سلاطینِ ہند بادشاہی نمی کنند بلکہ خدائی می کنند" تو یہ کاغذ کے پرزے فرامین دستِ بُردِ زمانہ سے کیسے محفوظ و مصئون رہ سکتے تھے؟۔ ؏ آں قدح بشکست واں ساقی نماند ؎ صورتیں آنکھوں میں پھرتی ہیں وہ نقشے یاد ہیں + کیسی کیسی صحبتیں خوابِ پریشاں ہو گئیں

رباعی

چمن کی تخت پر جس دم شہِ گُل کا تجمّل تھا + ہزاروں بلبلوں کا شور تھا فریاد تھی غل تھا
خزاں کے دن گئے تو کچھ نہ تھا جز خار گلشن میں + بتاتا باغباں رو رو یہاں غنچہ یہاں گُل تھا

دنیا کا یہی کارخانہ ہے ایک آتا ہے ایک جاتا ہے ؎

کیا دل لگائیں گلشنِ عالم ہے بے ثبات + آئے ہیں چار دن کے لیئے اس چمن میں ہم

؎ بہارِ زندگی اک خوابِ غفلت کا زمانہ ہے + خیالی چہچہے ہیں اور ہوائے آشیانہ ہے
صدائے کوسِ رحلت نغمہ سنجوں کا ترانہ ہے + جسے کہتے ہیں دنیا وہ کہانی ہے فسانہ ہے

جو لائیں کام میں چشمِ بصیرت دیکھنے والے

بنیں محو تماشا اُس کی قدرت دیکھنے والے

موت سے کسے رستگاری ہے سب کے لیئے یہ منزل بھاری ہے۔ امیر غریب اسی سفر میں یکساں ہیں۔ آج مرے کل دوسرا دن۔ زمانہ دیر سویر سب کی یاد کو حرفِ غلط کی طرح مٹا دیتا ہے۔ قطعہ

بس نامور بزیرِ زمیں دفن کردہ اند ✣ کز ہستیش بروئے زمیں یک نشاں نماند
آں پیر لاشہ را کہ سپردند زیرِ خاک ✣ خاکش چناں بخورد کزو استخواں نماند
زندہ است نامِ فرخِ نوشیرواں بعدل ✣ گرچہ بسے گذشت کہ نوشیرواں نماند
خیرے کن اے فلاں و غنیمت شمار عمر ✣ زاں پیشتر کہ بانگ بر آید فلاں نماند

مرے بعد دنیا میں اگر کچھ دنوں رہ جاتا ہے تو مرنے والوں کے وہ کارنامے ہیں جو لوگوں کو بار بار اُن کی یاد دلاتے اور اُن کے غم کو تازہ کرتے ہیں جن سے مائدشما مستفید ہوتے رہتے ہیں۔ عطائے مناصب و جاگیرات وہ خلعتہائے فاخرہ کا وہ دفتر گاؤ خورد ہو گیا اب ہم جب کبھی پہلے زمانے کی فارغ البالی بادشاہوں کی داد دہش کے قصے اپنے بزرگوں سے سنتے ہیں تو محوِ حیرت ہو جاتے ہیں اور بے ساختہ کہہ اُٹھتے ہیں کہ یاد ش بخیر وہ زمانہ بھی کیسا زمانہ تھا جس کا تصور اب تک بھی قالبِ مردہ میں جان ڈال دیتا ہے ؎

یاد ایا میکہ در کوئیت مکانے داشتم ✣ ہمچو بلبل در چمن ہم آشیانے داشتم

علی برید شاہ (۹۴۹ھ تا ۹۸۵ھ) کے مقبرے پر جو بیدر ملکِ دکن میں ہے بڑے دردناک اشعار لکھے ہوئے ہیں جو دنیا کی بے ثباتی کا سچا فوٹو ہیں میں اُس کا صرف ایک بند لکھنے پر اکتفا کرتا ہوں ؎

یاران و عزیزاں بسرِ خاکِ من آیند ✣ از خاک بپرسند نشان و خبرِ من
گر خاکِ جہاں جملہ بغربال ببیزند ✣ حقا کہ نیابند نشان و اثرِ من

اُن بادشاہوں کی بہترین یادگاریں اُن کی سربفلک عمارتیں اب تک تو موجود ہیں آگے کی خبر خدا جانے۔ ایک یورپین مورخ گل افشانی فرماتے ہیں کہ شاہ جہاں بڑا احمق تھا جس نے لاکھوں روپیہ تعمیر پر لٹا دیا (گویا مٹی میں ملا دیا) مگر اس حماقت میں اب تک بھی بادشاہ بتلا ہیں ہر شخص اپنی مستقل اور پائیدار یادگار چھوڑنی چاہتا ہے اور شاہجہاں تو بادشاہوں میں عمارات کی تعمیر میں تفوق لے گیا ہے آج تک بھی دہلی اور آگرہ کا قلعہ دہلی کی جامع مسجد اور سب سے بڑھ کے آگرہ کا تاج گنج اُس کی ایسی یادگاریں ہیں جس کو زمانہ بھی اب تک نہ مٹا سکا اور اغلب ہے کہ ابھی صدیوں تک نہ مٹا سکے گا شاہجہاں کی لیاقت جو کوتاہ اندیشوں کی نظر میں حماقت ہے مصداق ؎

چشمِ بد اندیش کہ برکندہ باد ✣ عیب نماید ہنرش در نظر ✣ تعبیر کی جاتی ہے وہ حماقت ایسی تھی کہ دنیا کی سات حماقتوں (عجائبات) میں سے وہ بھی ایک ہے اور ایسی ہے کہ ؎ اگر فردوس بر روئے زمین است

ہمین ست وہمین ست وہمین است ؛ آج تک لوگوں کو اس کا شوق سمندر پار دور دراز ملکوں مثل یورپ اور امریکہ سے کھینچ لاتا ہے اور جس نے ایک دفعہ ان کو دیکھ لیا وہ محوِ حیرت رہ جاتا ہے اور اس کے نظارے سے کبھی سیری نہیں ہوتی۔ دشمن کی زبان سے بھی بے اختیار نکل پڑتا ہے کہ لا عینٌ رات ولا اذنٌ سمعت (نہ آنکھ نے دیکھا نہ کانوں سے سنا) ؎ ز فرق تا بقدم ہر کجا کہ می نگرم ٭ کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا اینجاست ٭ چنانچہ ایک بڑی متمول یورپین لیڈی تاج گنج کو دیکھکر بے اختیار بول اٹھی کہ "جان بڑی پیاری ہے اور مرنا بڑی کٹھن بات ہے لیکن اگر مجھے یقین ہو جاتا کہ میں مرے بعد تاج گنج میں دفن کر دی جاؤنگی تو آج میں مرنے کو طیار ہوں"۔ علاوہ ان مستقل اور دیر پا یادگاروں کے ذرا نیچے اتر کر داد و دہش، عطا و بخشش کی اگر جیتی جاگتی تصویریں ہیں تو یہی بچے کھچے فرامینِ شاہی ہیں بشرطیکہ اُن کا دیدار میسر ہو۔

؎ آ جائے اگر ہاتھ تو کیا چین سے رہیئے ٭ سینے سے لگائے تری تصویر ہمیشہ

دہلی جو کسی زمانے میں سلاطینِ مغلیہ کا دار السلطنت تھا اور زیادہ شاہجہان آباد کے نام سے مشہور تھا یہی مرکز فرامین و احکام کی اجرا و اشاعت کا تھا۔ اس سرزمین سے سارے ہندوستان کی کل موڑی جاتی تھی۔ وہ لوگ جو اس ملک پر حکمراں تھے مدتیں ہوئیں مر کھپ گئے اب اُن کی اولاد تک باقی نہیں اور جو کوئی پشت کی فصل سے اولاد در اولاد ملتہم جرًّا ہے بھی تو وہ برائے نام "بدنام کنندۂ نکو نامے چند"۔ اُن کا وجود بے سود ہوا نہ ہوا برابر۔ وہ ایسے تباہ و خستہ حال اور نانِ شبینہ کو محتاج ہیں کہ محتاجِ بیان نہیں۔ صورت ببیں حالش مپرس۔ گردشِ زمانہ کی چکی میں وہ ایسے پسے ہیں کہ پلیتھن نکل گیا۔

رباعی
تکلیف دکھاتا ہے زمانہ ہم کو ٭ دیتا ہے نہ دولت نہ خزانہ ہم کو
او گردشِ افلاک ہم سمجھتے ہیں تجھے ٭ تو پیستا ہے جان کے دانہ ہم کو
(دبیر)

وہ شرم کے مارے منھ سے بھاپ تک نہیں نکال سکتے کہ ہم فلاں کے فلاں ہیں۔ یا ہم فلاں کے نام لیوا اور فلاں کے باقیات الصالحات ہیں۔ وہ ایک گوشے میں منھ چھپائے زندگی کے دن تنگی ترشی سے کاٹ رہے ہیں اور کہتے ہیں اور سچ کہتے ہیں کہ ایسے جینے سے تو مرنا بہتر۔ ؎ زندگی ہے یا کہ ایک طوفان ہے ٭ ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے۔ اگر کبھی اُن کی زبان سے اپنے حسب نسب کی کیفیت بے اختیار نکل بھی جائے تو اُن کی فلاکت اور سقیم حالت کب اُن کے قول کی تائید کرے گی۔ ؎ کون سنتا ہے کہانی میری۔ اور پھر وہ بھی زبانی میری۔ ان کی باتیں سنکر لوگ کہتے ہیں "رہیں جھونپڑے میں اور خواب دیکھیں محلوں کا"، یہ سوائے اس کے اور کیا سمجھ سکتے ہیں کہ "یکے نقصانِ مایہ دیگرے شماتتِ ہمسایہ"۔ ؎

سچ ہے کہ روزِ بد میں کسی کا کوئی نہیں + پتے بھی بھاگتے ہیں خزاں میں شجر سے دور

جب ان لوگوں کے ذرائع آمدنی ہی مسدود ہو گئے تو یہ کاغذ کے ٹکڑے اُن کے کس کام کے رہے کیا ان کو شہد لگا کر چاٹیں ؟۔ یہی وجوہ ہیں کہ فرامین کی نگہداشت نہ ہوئی اور اُن کا بڑا حصہ ناکارہ ہونے سے ضائع ہو گیا جو بچ رہے تھے وہ ۱۸۵۷ء کے غدر میں جانوں کے ساتھ تلف ہوئے چنانچہ قلعہ کے عجائب خانہ میں نکاح نامہ مرزا شہاب الدین و مداری بیگم مہری قاضی مرزا خلیل الرحمن جو نہایت مطلّا اور مذہب ہے موجود ہے یہ نکاح نامہ قلعہ سے بیگمات کی بھاگڑ میں جب کہ اُن کو اپنے تن بدن کا بھی ہوش نہ تھا، ۲۰ ستمبر ۱۸۵۷ء کو بروقت قبضہ و عمل دخل انگریزی مسٹر امری شو ٹیکر کو ملا اُنھوں نے بڑا کرم کیا کہ عجائب خانے میں اس دُرِ بے بہا کو جو اس طرح بے آب ہو رہا تھا پہنچا دیا۔

آبرو جنسِ گراں ہے کہیں بیکار نہ جائے + آپ لے لیں تو یہ سودا سرِ بازار نہ جائے

اسی طرح خدا جانے کتنے فرامین تلف ہوئے جو ادھر اُدھر پڑے پڑے رُل رہے تھے اُن کو سمیٹ سماٹ کے عجائب خانے میں آویزاں کیا گیا ہے باوجود اُس تلف اور تباہی کے اب بھی بہت سے فرامین دہلی اور نواحِ دہلی میں ہیں مگر جن کے پاس ہیں وہ بتاتے نہیں۔ ایسے فرامین کو وثیقہ سمجھ کر حرزِ جان بنا لیا ہے ہوا تک لگنے نہیں دیتے ماو شما کو دکھانا تو درکنار۔ بمصداق گوری کا جوبن چٹکیوں ہی میں گیا۔ غرض یہ کہ اُس زمانے کی تحریرات دیکھنے کو ہماری آنکھیں ترس گئیں ہیں۔ غدر سے پہلے تو فرامین کا کچھ توڑا نہ تھا مگر غدر کے بعد سے خال خال رہ گئے اور آگے چل کر پچاس برس کے بعد ایسا کال ہو جائے گا کہ ڈھونڈے نہ ملیں گے۔ میں نے بچشم خود دیکھا ہے کہ کباڑیوں نے ان دُرہائے نایاب کو صرف اُن کی ظاہر چمک و تک دیکھ کر کوڑیوں کے مول لیا۔ خریدا کن سے انہیں شاہزادوں سے جن کے آباؤ اجداد موردِ مراحم خسروانہ و عواطف شاہانہ صاحبِ مناصب جلیلہ و جاگیرات کثیرہ امیر ابن امیر تھے مگر آج اُنہیں کی اولاد ایسی تباہ ہے کہ اُنہوں نے فاقہ کشی سے بچنے کے لیئے ان کو جدا کیا نہ بہ طیبِ خاطر بلکہ بہ مجبوری کہ بھاگتے بھوت کی لنگوٹی ہے جو مل جائے بس اغنیمت۔ باہر والے شاید نہ جانتے ہوں مگر دلّی والا ایسا کون ہے جو اس قضیہ نامرضیہ سے بخوبی واقف نہیں ہے کہ آج کل جو شُہدے کہلاتے ہیں وہ دراصل کون تھے کیا تھے اور اب کیا ہو گئے۔ اُن کی حالت کیا ہے اور زندگی کے دن کیونکر بسر کر رہے ہیں ؟۔ میرا ہاتھ لکھتے ہوئے کانپتا ہے اور قلم لرزتا ہے۔ قلم کا سینہ شق ہے، وہ صفحۂ قرطاس پر اشکِ خونی برساتا ہے۔ اُجڑے اور مٹے ہوئے خاندانِ مغلیہ کے نام لیوا ہیں وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ۔ رباعی دل نے غمِ بے حساب کیا کیا دیکھے + آنکھوں نے جہاں میں خواب کیا کیا دیکھے

طفلی و شباب عیش و رنج و راحت ✤ اس عمر میں انقلاب کیا کیا دیکھے

برٹش انڈیا میں فرامین کم یاب ہیں ان کا دیدار بھی محال ہے مگر ریاستوں میں جو سلاطینِ مغلیہ کی یادگار رہیں اور نہیں کے قدم بقدم چلتے ہیں اور معاش داروں کی معاشیں اور جاگیرداروں کی جاگیریں بحال ہیں وہاں کثرت سے نظر سے گزرتے ہیں جب سرکارِ عالی **نظام** خلد اللہ ملکہ و سلطنتہٗ کی ملازمت میں تھا تو مجھے تحقیقاتِ عطیات اور فصلِ خصومات میں بہت سے فرامین دیکھنے کا اتفاق ہوا مگر اس وقت ان کے جمع کرنے کا کچھ خیال نہ ہوا البتہ اواخر زمانِ ملازمت میں کچھ فرامین جمع کیے اور جب سے اب تک متلاشی ہوں جو نیدہ یا بندہ یہ کیا کم غنیمت ہے کہ با ایں ہمہ مشکلات میں نے اتنے بہت جمع کر لیے۔ دل چاہتا تھا اور یہ تھے بھی اسی قابل کہ کتاب میں ان سب کے فوٹو دیئے جاتے مگر اتنی قیمت کون دیتا، ناچار نقل پر اکتفا کیا مگر پھر بھی دل نہ مانا کہ ناظرین کو اس نعمتِ عظمیٰ کے دیدار سے بالکل محروم رکھوں اور اُن کے شوق کو سرد کر دوں لہٰذا مشتے نمونہ از خروارے بعض بعض کے فوٹو بھی ہدیۂ ناظرین ہیں۔ کچھ فرامین تو میری کتاب **تاریخِ بیجاپور** میں ہیں یہ وہی ہیں جو میں نے دکن میں جمع کیے تھے۔ کچھ دہلی کے قلعہ کے عجائب خانے سے میں نے بہ اجازت **ہز اکسلنسی سر میلکم ہیلی صاحب بہادر** بالقابہ سابق چیف کمشنر دہلی و حال گورنر صوبۂ پنجاب نقل کیے۔ کچھ متفرق ذرائع سے بہزار مشکل دیکھنے کو ملے۔ ایک فرمان اکبری جیپور کے عجائب خانے میں ملا ایک اورنگ زیب کا نادر فرمان سعید برادرز فوٹو گرافرز بنارس سے منگایا کچھ جناب منشی منظفر حسین صاحب سلیمانی رئیسِ شاہ آباد ضلع ہردوئی کی کتاب نامۂ منظفری سے بہ اجازت اُن کے لیے اور کچھ فرمان صاحبِ معزز نے بطور مزید امتنان میری خواہش پر جابجا تلاش کر کے بھیجے۔ ایک فرمان تاریخِ پالن پور مصنفہ جناب سید گلاب میاں صاحب مرحوم میر منشی ریاستِ پالن پور سے لیا ایک اور فرمان اُن کے برادر سید صاحب میاں صاحب چیف الجنیر پالن پور نے بھیجا کچھ فرامین مولوی ابو الحسن صاحب خلف مولوی محمد عبد الحق صاحب مصنفِ تفسیرِ حقانی نے دیئے۔ جناب خان صاحب نواب محمد علی خاں صاحب دہلوی ممبر کونسل ٹونک نے دو لاجواب فرمان مجھے دیئے۔ حضرت جناب سید آل رسول صاحب سجادہ و دیوان درگاہ اجمیر شریف نے ایک کتاب کی کتاب دی جس میں (۲۲) فرمان متعلق بارگاہ شریف ہیں ان سب صاحبوں کی مہربانی کا میں بہت شکر گزار ہوں جزاھم اللہ احسن الجزاء عنّا وعن سائر الناس وکان سعیہم مشکوراً۔ ہاں بھولا میرے عزیز منشی اشتیاق احمد صاحب چشتی نظامی خدا جانے کہاں کہاں دوڑ دھوپ کر کے کچھ فرمان لائے اُن کا شکریہ اس سبب سے مجھ پر واجب نہیں ہے کہ میرا اور اُن کا کام جدا نہیں ؎ من تو شدم تو من شدی من تن شدم تو تن جاں شدی ✤ تا کس نگوید بعد ازیں

من دیگرم تو دیگری + اُن کا شکریہ تو میں جب ادا کروں کہ سب سے پہلے میں اپنا شکریہ ادا کروں۔
مجھے اور بھی بہت سے فرمانوں کا پتہ ملا ہے اور میں یہ بھی جانتا ہوں کہ جن کے پاس ہیں مگر وہ ناو ہندوں
کی فہرست میں ہیں۔ وہ نہ خود اُن کو پبلک کے سامنے لانا چاہتے ہیں نہ دوسروں کو جھلک تک دکھانا پسند
کرتے ہیں۔ ؎ نہ خود خورد نہ کس دہد + گندہ کند بسگ دہد۔ ایسوں کے سامنے دستِ
سوال پھیلانا بے سود۔ ع بات بھی کھوئی التجا کر کے +۔
مثلاً ایک صاحب کا ذکر بے موقع نہ ہوگا۔ میں چاہتا ہوں کہ ناظرین کو میری مشکلات اور دوادوش
کا کچھ تو اندازہ ہو۔ یہ صاحب گورنمنٹ کے خطاب یافتہ ہیں ان کا شمار منتخب لوگوں میں ہے معمر ہیں مسن
ہیں۔ ۲۳ء کی ایجوکیشنل کانفرنس میں اواخرِ ماہِ دسمبر میں میرا علی گڈھ جانا ہوا۔ وہ صاحب (جن کا نام
میں ظاہر کرنا نہیں چاہتا) میرے باپ کو جانتے تھے اور مجھے بھی پہلے سے آپ کی خدمت میں نیاز تھا
مانا کہ میں بالذات کچھ نہ ہوں مگر بالصفات ایک بڑے باپ کا بیٹا تو ضرور ہوں وہ کفیٰ بہ فخراً۔ مجھے
معتبر ذریعہ سے معلوم ہوا کہ ان کے پاس ایک کافی ذخیرۂ فرامینِ شاہی کا ہے۔ مجھے کامل توقع تھی کہ وہ
علم دوست بزرگ ہیں کبھی میری درخواست کو رد نہ کریں گے مگر اُنھوں نے نہایت بے اعتنائی اور
کج خلقی سے ٹکا سا توڑ کے انکاری جواب دیا میں اپنا سا منھ لیکر رہ گیا جسکی ندامت مجھے آج تک ہے۔
اُنھوں نے پہلے تعلقات پر پانی پھیر دیا اور ایسے کورے ہو گئے کہ ع ان تلوں میں تیل ہی نہ تھا گویا۔
میں نے یہ بھی عرض کیا کہ اچھا تو آپ خود چھاپیئے اور میرے پاس جو فرامین ہیں اُن کو بھی شامل کر لیجیے
مگر اُنھوں نے جو ناکی تو پھر ہاں نہ کی۔ ظاہر ہے کہ یہ فرامین جب تک پبلک میں نہ لائے جائیں بے کارِ
محض ہیں یہ اُن کے ہاں کچھ انڈے بچے نہ دیں گے۔ ع برائے نہادن چہ سنگ و زر۔ خیر دہ جانیں
اُن کا کام جانے۔ معلوم ہوا کہ جبلّی بخل اور طبعی حسد اُن کو مانع تھا۔ غُنہ کے سامنے کسی کی نہیں چلتی
دوسرے کو فائدہ پہونچانا انہیں گوارا نہیں۔ حسد اس بات کا کہ جو کام ہم سے نہ ہو سکا دوسرے کے
سر اس کا سہرا کیوں رہے۔ ؎
رنج کچھ اس کا نہیں اُس کو کہ وہ ایسا ہے کیوں + بلکہ ساری کوفت ہے اس کی کہ میں ویسا نہیں
تجربہ ہوا اور آئندہ کو سبق ہوا کہ خدا کسی سے کام نہ ڈالے ؎
کیا نبھائے گا زمانے میں وفا ایک سے ایک + دل کے دو حرف ہیں سو وہ بھی جدا ایک سے ایک
خیر اُن کی دست کشی سے میرا کام رُکا نہیں ع شوق در ہر دل کہ باشد رہبرے در کار نیست۔
شکر ہے پروردگار کا کہ خداوند تبارک و تعالیٰ نے اس بے دست و پا سے یہ کام اپنی مدد سے پورا کرا دیا۔

ع شکر نعمتہائے تو چندان کہ نعمتہائے تو ✝
وَ فِقْنَا اللّٰهُ بِمَا یُحِبُّ وَ یَرْضٰی وَخَتَمَ اَحْوَالَنَا وَ اٰمَالَنَا وَ اٰجَالَنَا بِالْخَیْرِ وَالْحُسْنٰی ہاں تو اس ظلجان میں شُہدوں کا ذکر رہ گیا۔ ان بے چاروں خانماں برباد وں کی بنی بنائی عیش و آرام کی زندگی بگڑ بگڑا کر یہ نوبت پہونچی کہ سلاطین کی اولاد اور شادی بیاہوں میں پلنگ چھپر کھٹ اور جہیز کا سامان صرف کہاروں اور مزدوروں کی طرح بلکہ بھک منگوں اور کنگلوں کی طرح اپنے سروں پر اُٹھائیں اور بطور بھیک کے جو مل جائے لے کر قناعت کریں۔ یہ لوگ ۔ بادشاہ زادوں۔ شہزادوں صاحب زادوں اور مرشد زادوں کی جگہ شُہدے کہلانے لگے۔ فَاعْتَبِرُوْا یَا اُولِی الْاَبْصَارِ۔ ؎

آگ تھے ابتدائے عشق میں ہم ✝ ہو گئے خاک انتہا یہ ہے

حیران ہوں کہ ان کی ناگفتہ بہ حالت کہاں تک لکھوں اور پتھر کا کلیجہ کہاں سے لاؤں۔ ہر جمعرات کو ہمارے گھر میں ایک برقعہ پوش بیوی آتی ہیں جن کے چہرے سے آثارِ امارت و جلالت چمکتے ہیں اُن کی شُستہ گفتگو سے شرافت ٹپکتی ہے۔ یہ اپنے آپ کو بہادر شاہ کی پوت بہو کہتی ہیں اور عجب نہیں کہ ہوں مگر حالت ان کی اس درجہ ردی ہے کہ بھیک مانگ کر پیٹ پالتی ہیں ؎

تنگدستی کے سبب جان سے بیزار ہیں ہم ✝ وار پہ کھینچ دے اے چرخ کہ نادار ہیں ہم

اب بھی دہلی میں مرزا نثر یا جاہ صاحب کے خاندان کے پس ماندہ لوگ کچھ معقول پنشن پاتے ہیں مگر اُنکی آپس کی نزاع اور کثرتِ شرکار کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر ہر شخص کے حصّے بخرے ہو گئے ہیں اور وہ رقم جو ایک شخص کے لیئے بھی بہ مشکل کفایت کرتی تھی وہ اب گھٹ گھٹا کر دس پر اُتری تو کہیئے کیا رہی، برائے نام۔ علاوہ اس خاندان کے جناب فرخندہ جمال صاحب اور جناب امیر الملک مرزا بلاقی بیگ صاحب دو شاہزادوں کی خدمت میں کمترین کو دیرینہ نیاز حاصل ہے کیونکہ میرے نانا مولوی محمد عبد القادر صاحب خلف جناب مولوی محمد عبد الخالق صاحب جن کا ذکر خیر سر سید کی کتاب آثار الصنادید میں ہے، متوسلانِ شاہی میں سے تھے یہ دونوں صاحب آتے جاتے تھے ان دونوں بزرگوں کو برٹش گورنمنٹ سے کچھ وظیفہ ہے جسکی مقدار نہ اُنہوں نے ظاہر کی نہ میں نے پوچھنا مناسب سمجھا مگر حیدرآباد کے تعلق سے اتنا میں جانتا ہوں کہ مرزا بلاقی صاحب کو سو روپیہ ماہانہ سرکار عالی نظام سے ملتا ہے اور اس دستگیری اور قدر افزائی نے اُنہیں سنبھال دیا اور اسی طرح اور کئی شاہزادوں اور بیگمات کو اُسی منبع وجود و کرم ریاستِ ابد مدت سے بطور اشک شوئی کچھ ملتا ہے ؎

صدف کو چاہیئے کیا ایک قطرہ چشمۂ یم سے ✝ بجھا لیتا ہے اپنی پیاس کامِ غنچہ شبنم سے

ابھی ابھی ہم نے اخبارِ صحیفہ مورخہ ۱۲ر اگست ۲۵ء میں پڑھا کہ مرزا بیدار بخت ولد خجستہ بخت متعلقۂ خاندان مغلیہ کے لئے تاحیات پانسو روپیہ ماہانہ مقرر ہوا ہے اور اس سے پہلے بھی کئی بار ایسی خوشخبریاں متواتر سنی ہیں خدا اس ریاست کو تاقیامت سلامت و برقرار رکھے کہ پیٹ کو روٹی تو مل جاتی ہے۔

دہلی کے آخر تاج دار بہادر شاہ کے مقبرے اور مکان کے چشم دید حالات جو مولوی مظہر الدین صاحب شیرکوٹی نے اخبارِ کشمیر امرتسر ۱۲ر اگست ۲۵ء میں لکھے ہیں دل پر چھریاں چلاتے ہیں اور ہم اُس کا اقتباس کرنے سے کسی طرح باز نہیں رہ سکتے۔ ؎

گرچہ ہے سو سو بُرائی سے مگر پھر اے امیر ✤ ذکر میرا اس سے بہتر ہے کہ اُس محفل میں ہے

ہم دکھانا چاہتے ہیں کہ سلاطینِ مغلیہ کی ابتدا کیا تھی اور انتہا کیا ہے تاکہ زمانے کی کج رفتاری دلوں پر نقش کالحجر ہو جائے۔ ؎

حقیقت پر نظر کرتا ہوں جب دنیائے فانی کی ✤ بہاریں خاک میں مل جاتی ہیں سب زندگانی کی

اس بدنصیب بادشاہ کی وفات کی "تاریخ" کسی نے کیا خوب کہی ہے۔ ؎

سراج الدین ظفر بہادر جو سوئے جنّت ہوئے روانہ ✤ کہ جن کی باعث مٹی خوشی سے جھلک رہا تھا چراغِ دہلی

جلوس اُن کا چراغِ دہلی سو اب بھی دیکھو مطابق اُسکے ۱۲۵۲ھ ✤ سروشِ غیبی نے سالِ رحلت کہا "بجھا ہے چراغِ دہلی" ۱۲۷۹ھ

مغلیہ خاندان کا آخری تاجدار ✤ بہادر شاہ کے مقبرے اور مکان کی زیارت

"میں جب رنگون پہنچا تو قدرتی طور پر تاریخ کا وہ عبرت انگیز انقلاب یاد آگیا جس نے تیموری جاہ جلال کی آخری یادگار (بہادر شاہ) کو قیدی بنا کر رنگون پہنچایا اور بالآخر پانچ سال بعد ٹمٹماتی ہوئی شمع بھی گل ہو گئی۔ میں نے رنگون کے محترم احباب سے ذکر کیا کہ میں اس مٹی کے ڈھیر کی زیارت کرنا چاہتا ہوں جس کے نیچے تیموری خاندان کا آخری تاجدار محوِ آرام ہے۔ ہم لوگ عثمان غنی صاحب کی رہنمائی کے مطابق ایک نہایت معمولی احاطے میں داخل ہوئے۔ یہ احاطہ ایک سڑک کے کنارے واقع ہے اور اسی لیئے شاید معمولی خود رو گھاس سے گھیر دیا گیا ہے کہ وہ سیر کرنے والے صاحب بہادروں کے سامنے کوئی بے جوڑ قطعہ معلوم نہ ہو۔ ورنہ بہادر شاہ مرحوم کی قبر کے لیئے اہتمام نہیں کیا گیا۔

مقبرے کی کیفیت یہ احاطہ شاید ستّر فٹ طویل اور پچاس فٹ چوڑا ہو گا۔ اندر گھاس چڑھی ہوئی تھی اور سڑک وصفائی کا کچھ انتظام نہ تھا بے کسی و کس مپرسی کا منظر دیکھ کر میرا دل قابو میں نہ رہا۔ کہ اللہ اللہ جس تاجدار کا مُلک لینے والے اپنے غسل خانوں میں نل لگاتے ہیں اس کی قبر تک پوہنچنے کیلیئے کوئی ایسی بٹیا بھی نہیں

جو خود رو گھاس اور جنگل کے کانٹوں سے صاف ہو۔ دس بیس قدم آگے بڑھا اور چھوٹا سا احاطہ نظر آیا جو بانس کی کھپچیوں اور لکڑیوں سے گھرا ہوا تھا۔ اس کے گوشہ میں مجاور کی چھوٹی سی جھونپڑی تھی جس کا چھپر بارش سے سیاہ ہو گیا تھا۔ اس چھوٹے سے احاطے کے اندر دو چار تخت پڑے تھے۔ جو شاید نماز پڑھنے اور تلاوتِ قرآن کے لیئے ہیں۔ اس کے اندر ہی ایک بیری کا درخت ہے اور اس درخت کے نیچے ٹین کی دو چار چادریں ملا کر چار معمولی لکڑیوں کے ستون پر ڈال دی گئی ہیں۔ اس ٹین کے نیچے پرانے گاڑھے کی چھتگیری لگی ہوئی ہے جو شاید مجاور کی کرم فرمائی کی ممنونِ منت ہے۔ اس کے نیچے تیموری نسل کا آخری چراغ، اکبری جاہ و جلال کی آخری یادگار شاہجہانی شکوہ کا آخری مرقع اور عالمگیری نسل کا آخری تاجدار اور اس کی بیگم محوِ آرام ہیں قبر زمین سے ڈیڑھ فٹ بلند ہوگی۔ تعویذ ذرا چوڑا سفید پتھر کا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ دونوں قبروں کو ایک کر دیا گیا ہے۔ اس تعویذ پر لکھا ہے۔

ظفر شاہ بہادر شاہ دہلی کا انتقال ہوا۔ ۷ نومبر ۱۸۶۲ء میں۔ زینت محل بیگم شاہ دہلی کا انتقال ہوا۔ جولائی ۱۸۶۲ء میں۔

ہم لوگ ایک طرف بیٹھ گئے اور فاتحہ خوانی سے فارغ ہو کر میں نے کہا کہ قبر اس قدر معمولی حالت میں کیوں ہے؟ مجھے بتایا گیا۔ کہ ٹین وغیرہ کا چھپر بھی اب دو تین سال سے پڑا ہے۔ اس سے پہلے یہ قبر بھی بے نام و نشان ہو گئی تھی نشان دہی کے لیئے یہ بیری کا درخت تھا۔ جب مسلمان برہمانے کچھ ایجی ٹیشن کیا تو تیموری تخت کی مالک گورنمنٹ نے مسلمانوں کو اجازت دے دی کہ وہ قبر کا نشان کر سکتے ہیں۔ یہ قبر چھاؤنی اور بڑے بھاپہ (مشہور برہمی معبد) کے قریب ہے۔ کچھ اندھیرا ہو گیا۔ اس لیئے ہم لوگ واپس ہوئے اور اس روز اس مکان کی زیارت نہ کر سکے جس میں بہادر شاہ مرحوم نظر بند تھے۔

شہنشاہِ مرحوم کے قیدخانہ کی زیارت

ہندوستان واپس آنے سے ایک روز پیشتر اس کا موقعہ ملا کہ ہم آخری شاہِ دہلی کے مسکن کو دیکھ سکیں اور تیموری نسل کے جو بدقسمت افراد وہاں رہتے ہیں اُن سے ملیں۔ اس روز بھی سیٹھ حاجی عثمان غنی صاحب اپنی موٹر لیئے ہمراہ تھے۔ ایک بجے ہم لوگ وہاں پونہچے۔ یہ مکان سنٹرل جیل رنگون کی پشت پر ہے اور صرف ایک سڑک درمیان میں ہے لکڑی کا مکان ہے جو بہت معمولی ہے اور اب تو نہایت بوسیدہ ہو گیا ہے۔ بہادر شاہ کے نوکروں کے حلال خوروں کے مکان اس سے اچھے ہوں گے کئی برس سے اس میں قلعی نہیں اور نہ مرمت کرائی گئی

مرحوم شہنشاہ کی اولاد۔ ستر برس کی ایک ضعیفہ اس مکان میں رہتی ہیں جن کا نام رونق زمانی بیگم

ہے۔ یہ مرزا جواں بخت کی بیٹی اور بہادر شاہ مرحوم کی پوتی ہیں۔ دادا کا تخت تاراج ہونے کے غم میں انھوں نے آج تک شادی نہیں کی۔ غدر کے واقعات نہایت گداز سے بیان کرتی ہیں کہ انسان دل پکڑ کر بیٹھ جائے۔ ان کے ایک بھائی جمشید بخت تھے۔ ۱۲؍ جون سنہ ۱۹۲۱ء کو ان کا انتقال ہوا مسلمانوں کے عام قبرستان میں مدفون ہوئے ان کی ایک شادی لکھنؤ میں ہوئی تھی جس سے دو لڑکیاں ہیں۔ اور دو شادیاں انھوں نے برہمی عورتوں سے کی تھیں۔ ایک سے ایک لڑکا تین سال کا ہے جسکی والدہ کا بھی انتقال ہوگیا ہے اور اس کے نانا لے کر ہندوستان چلے آئے معلوم نہیں وہ آج کل کہاں ہیں۔ دوسری شادی سے ایک جوان لڑکا ہے جس کا نام سکندر بخت ہے۔ اس اُجڑے دیار کی رونق یہی ہیں۔ انٹرنس پاس ہیں بائیس سال کی عمر ہے جو آتا ہے۔ ان ہی سے ملتا ہے بیچارے نہایت عسرت سے گذر کرتے ہیں۔ باپ کے مرتے ہی گورنمنٹ نے وظیفہ بند کر دیا غریب کو ایک حبہ نہیں ملتا۔ ان کی پھوپی رونق زمانی بیگم کو صرف ڈیڑھ سو ماہوار تاحیات ملتے ہیں۔ ان کے ساتھ رہکر تنگی سے گذر کرتے ہیں۔ وضع داری کا یہ حال ہے کہ دادا مرحوم (بہادر شاہ) کے زمانے کے بعض ملازمین کو اب تک علیحدہ نہیں کیا۔ اس مکان کے ساتھ ہی یہ شرط ہے کہ وہ رہ سکتے ہیں مگر فروخت نہیں کر سکتے۔ رونق زمانی بیگم کے بعد غالباً مکان بھی چھن جائے گا اور ان تیموری شہزادوں کے لئے تن ڈھانکنے کے لئے کپڑا اور پیٹ بھرنے کے لئے لقمہ اور سر چھپانے کیلئے جھونپڑا بھی نہ ہوگا۔ یہ اشعار حسب حال ہیں اپنی طرف سے پڑھتا ہوں:۔

جن کی عمارتیں بفلک سرکشیدہ تھیں ٭ نسلوں میں اُن کے رہنے کو اب جھونپڑا نہیں
جن کے گھروں میں مخمل رومی کے فرش تھے ٭ اب اُن کے پاس بیٹھنے کو بوریا نہیں
تنّور گرم رہتے تھے جن کے شبانہ روز ٭ نوبت یہ ہے کہ چولھے پہ اُن کے توا نہیں

عموماً بادشاہ ہند اور خاصکر سلاطین مغلیہ کی داد و دہش، عطا و بخشش کی مثالیں اس کثرت سے ہیں کہ اُن کے لئے ایک جداگانہ کتاب درکار ہے مگر چونکہ فرمانوں کا زیادہ تر تعلق داد و دہش ہی سے ہے لہذا چند واقعات کا علی سبیل الاختصار پیش کر دینا کوتاہ نظروں کی آنکھیں کھول دے گا اور وہ جان لیں گے داد و دہش اسکو کہتے ہیں۔ سلطان محمد تغلق کے غیر معمولی اور فوق العادت بخششوں کا حال بہت طول طویل ہے لہذا بخوف طوالت نظر انداز کرنا پڑا جن کو شوق ہو شوق سے کتب تاریخ ملاحظہ فرمالیں۔

ع آفتاب آمد دلیل آفتاب ٭ اس پر سے ناظرین اس بحر سخاوت کا اندازہ فرمالیں کہ بعض دفعہ ایک ایک دن میں ساڑھے سات لاکھ روپیے تک دے دیئے ہیں۔

دکن کی بہمنیہ سلطنت سنہ (۱۴۸۲-۲۵ء) کا حال کون نہیں جانتا سلطان احمد شاہ ولی البہمنی نے دار السلطنت بیدر مملکت سرکار عالی نظام میں قلعہ ارک کے اندر ایک عالیشان محل بنوایا تھا جس کا نام تخت محل تھا

اور جس کے کھنڈر اب تک موجود ہیں جو زبانِ حال سے اپنی وسعت اور عظمت کا نشان دے رہے ہیں
اس محل کی طیاری پر شیخ آذری اسفرائینی نے ذیل کی رباعی کہی جسے مُلّا اشرف الدین مازندرانی مشہور
خوش نویس نے نہایت جلی قلم سے لکھ کر بادشاہ کے حضور میں گذرانا ۔ یہ رباعی اب تک اُس محل کے
رو کار پر موجود ہے ۔ وہو ہذا ۔ رباعی

حبّذا قصرِ مشید کہ زفرطِ عظمت * آسماں شدہ از پایۂ ایں درگاہ است
آسماں ہم نہ تواں گفت کہ ترکِ ادب است * قصرِ سلطانِ جہاں احمد بہمن شاہ است

بادشاہ نے شاعر کو مالا مال کر دیا ۔ بادشاہ کی قدر دانی دیکھیئے کہ شیخ آذری اس قدر مقربِ بارگاہ سلطانی
اور موردِ مراحم خسروانی تھا کہ گھڑی بھر کو اُس کی جدائی گوارا نہ تھی آخر کار اُس نے شہزادہ علاء الدین سے
سفارش کرائی اور عرض کر ایا کہ اگر مجھے وطن جانے کی اجازت مل جائے تو حجِ اکبر کا جس کا میں نے ارادہ
کیا ہے) آدھا ثواب حضور کی خدمتِ اقدس میں پیش کروں گا ۔ بادشاہ بہت خوش ہوا اور خزانچی کو بلا کر حکم
دیا کہ چالیس ہزار تنگۂ سفید (جو ایک تولہ نقرۂ خالص کا ہوتا ہے) دیا جائے ۔ شیخ تنگوں کا اتنا بڑا ڈھیر
دیکھتے ہی بے ساختہ پکار اُٹھا لا یحمل مطایا کم عطایا کم (حضور کی اس قدر گراں بہا عطیے کو آپ کے
مویشی بھی اُٹھا نہیں سکتے) بادشاہ ہنسا اور فرمایا "بیس ہزار تنگے اور دو" اس کے علاوہ خلعتِ خاصہ
اور پانچ غلام ہندی دیکر رخصت کیا ۔

مآثر الامراء میں عبد الرحیم خانِ خاناں کی نسبت لکھا ہے کہ "مکرر شعراء را در صلہ بزرِ سرخ بسنجید ۔ روزے
ملّا نظیری گفت "یک لک روپیہ چہ قدر تودہ می شود ؟ نہ دیدہ ام" فرمود از خزانہ بیارند وچوں جمع
کردند ملّا گفت "شکر اللہ کہ بسبب نواب ایں قدر زر دیدم" فرمود کہ "ہمہ بہ مُلّا بدہند" یہ ایک وزیر کا
حوصلہ تھا رہی بادشاہوں کی جود و عطا وہ تو بے حد لاتحصیٰ و لاتعد تھی ۔ دور کیوں جائیے ۔ ؎
ترا دیدہ یوسف را شنیدہ ۔ شنیدہ کے بود مانند دیدہ ۔ غفران مکان حضور پُر نور نواب میر محبوب علی خاں
بہادر جعل اللہ الجنۃ مثواہ بادشاہِ دکن کی داد و دہش کیا کچھ کم تھی ؟ داغ صاحب کو جب سرفرازی
ہوئی تو ایک دم پچاس ہزار روپیہ کی بھاری رقم اس طرح دے دی گویا کچھ بات ہی نہ تھی ۔
بادشاہِ حال حضور پُر نور نواب میر عثمان علی خاں بہادر خلد اللہ ملکہٗ وسلطنتہٗ بمصداقِ الولد سِرٌ
لابیہ وہ بھی غفراں مکان سے اس امر میں کچھ کم نہیں بلکہ زیادہ ہی ہیں ۔ ابھی سلطان ٹرکی کے لیئے
تین سو پونڈ ماہانہ مقرر فرمایا ہے ۔ شہزادہ محمد عمر خاں خلف امیر عبد الرحمن خاں مرحوم شاہِ
افغانستان کے نام پانسو روپیئے ماہوار کی اجرائی ابھی دنوں ہوئی ہے اور کوئی دن ایسی بخشش

وعطا سے خالی نہیں جاتا۔ جب ہی خداوند تعالیٰ نے ملک کو خوشحال اور رعایا کو فارغ البال اور مالامال کر دیا ہے۔

اُن فرمانوں کا مختصر حال یہ ہے کہ شہنشاہ اکبر سے لے کر دورِ مغلیہ کے آخر زمانے تک کے ہیں۔ میں نے اس سلسلے کو مکمل کرنے کے لئے برٹش ہیریٹڈ یعنی ملکۂ **وکٹوریہ** قیصرۂ ہند۔ ملکِ معظم **ایڈورڈ ہفتم** اور ملکِ معظم **جارج پنجم** کے کچھ فرامین بھی اس کتاب میں شامل کئے ہیں۔

پہلے زمانے میں فنِ خطّاطی نے بڑی ترقی کی تھی۔ اُس زمانے میں کئی قسم کے خط رائج تھے نستعلیق نسخ۔ ثُلث۔ شفیعہ شکست۔ طغریٰ۔ گلزار۔ غبار اور کیا کیا ہم تو اب ان کے نام بھی پوری طرح نہیں جانتے اُس زمانے میں لوگ برسوں خط کی مشق کرتے تھے۔ اُستادوں کے سامنے زانوئے شاگردی تہ کرتے تھے تختیوں پر موٹے قلم سے لکھتے تھے۔ آگے چل کر کاغذ کی وصلیاں بنائی جاتی تھیں اُن پر نہایت صفائی سے آہار دے کر مُہرہ کیا جاتا تھا۔ وہ ایسی چمک اُٹھتی تھیں کہ منہ دیکھ لو روشنائی کو کئی کئی دن گھونٹا جاتا تھا اور خدا جانے اُس میں کیا کیا ڈالتے تھے کہ صدہا برس تک اُس کی سیاہی اور چمک دمک جوں کی توں باقی رہتی تھی اب کون کرسکتا ہے مگر وضع الشئی فی غیر محلہ ضرور ہے سطریں سیدھی الفاظ نوک پلک سے درست نشست۔ وکرسی الفاظ معقول۔ جب ہی وہ خط دلوں کو مسرور اور آنکھوں کو روشن کرتا تھا۔ دیکھنے والا پھڑک جاتا تھا۔ اب فنِ خطّاطی حرفِ غلط کی طرح مٹا دیا گیا ہے یعنی خوش خطی نہ کوئی ہنر رہا نہ اُس کی ضرورت رہی اب طلباء تمام قابلیت گرد ڑول کے حساب کا قاعدہ مالاینحل کرنے اور بال کی کھال نکالنے اور ریاضی کی چیستانیں بوجھنے اور گتھیاں سُلجھانے اور تاریخ کے واقعات ازبر کرنے اور اُن کے سن یاد کرنے دنیا بھر کے جغرافیے یعنی ساری خدائی کی بھو میاین جانے سے ان غریبوں کو فرصت کہاں جو خطّاطی کی طرف توجہ کریں ان کے لئے "یک ہنر و ہزار سودا" بالکل سچ ہے۔ اب لکھنے کا حال یہ ہے کہ لوہے کی نب سے لکھا جاتا ہے جس میں نہ کافی لچک ہے نہ اُس کا قط درست نہ وہ کسی طرح اردو کے لیۓ موزوں اس سے بڑھ کے موجد کا اصلی مقصود انگریزی تحریر تھی اور یوں زبردستی اردو لکھ لو تو لکھ لو ہاں۔ قلم بہتر سے بہتر واسطی تلاش کیا جاتا تھا جس میں ریشہ نہ ہو جو جلد نہ گھِسے لچک والا ہو۔ شگاف درست ہو قط محرّف ہو۔ فونٹن پین جب سے نکلی ہیں اُس سے لکھنے میں گو آسانی ہو مگر ایک تنکے سے اور اُس سے لکھنا برابر ہے کہ اُسکی نوک پنسل کی طرح گول ہوتی ہے نوک پلک پتلے موٹے سے کچھ بحث نہیں۔ ہر چہ آید در گھسیٹ غرض تو حرف پڑھ لینے سے ہے لیکن پڑھا جانا بھی مدارج رکھتا ہے ایک ایسا صاف لکھا ہوتا ہے کہ اندھا پڑھ لے ایک ایسا گھچ پچ اور گھسیٹ ہے کہ نہ سر نہ پیر لکھیں موسیٰ پڑھیں خدا

ٹانک ٹوٹیئے مار اکرو۔ ہم نے ایک فوٹو عبدالرشید خوش نویس کی تحریر کا دیا ہے اُس زمانے کے لکھنے اور
آج کے کج مج خط سے بشوق ملالیں آج کل کا خط تو مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے جیسے روشنائی میں لتھڑی ہوئی
کوئی مکھی کاغذ پر رینگ جائے وہ خط نہیں ہے بلکہ کاغذ پر کیڑے مکوڑے معلوم دیتے ہیں ؎

چراغِ مردہ کجا شمع آفتاب کجا + ببیں تفاوتِ راہ از کجاست تا بکجا

رہی املا اُس کی اور بھی مٹی پلید ہے۔ ایک صاحب نے آگرہ کے مشہور رئیس مرزا عرفان علی بیگ صاحب
کو خط لکھا اور ارفان علی لکھا۔ محرر سے کہا گیا کہ صحیح املا ع سے ہے۔ جواب یہ ملا کہ۔ ع۔ الف تو
میں جانتا نہیں غرض تو خط کے صحیح ٹھکانے پر پونہچ جانے سے تھی میری تحریر کی صحت کا یہی کافی ثبوت
ہے کہ آپ کو خط پونہچ گیا۔ چلو چھٹی ہوئی۔ ع ایں ہم اندر عاشقی بالائے غمہائے دگر۔ ان فرامین
کی خطاطی پر بے اختیار دل لوٹ جاتا ہے۔ تحریر ایسی خوبصورت جیسے کہ موتی جڑ دیئے ؎

دیکھ کر ہوتی ہے تسکین وہ پیارا خط ہے + نسخۂ دردِ جگر ہے کہ تمھارا خط ہے +

وہ مثل عارضِ معشوق گھُٹا ہوا چمک دار مطلا کاغذ۔ وہ قلم جسے قلم قدرت کہیئے تو بجا ہے وہ نوک پلک
وہ نشستِ الفاظ اب کہاں۔ روشنائی ایسی کہ حورانِ بہشتی کے سوا مردمک چشم سے مقابلہ کرے صدہا
سال تک اس کی چمک دمک میں ذرا فرق نہ آئے شنجرف کو دیکھئے دلِ عشاق کا خون کر رہی ہے
جس کا وہ چہچہاتا ہوا سُرخ رنگ عقل کو دنگ کرتا ہے ؎

آں حسن دلرباست کہ ہنگامِ دیدنش + بے دست و پا شود دل و بے اختیار چشم

خدا جانے وہ کاتب کیسے تھے اُن کی خطاطی قدرتِ خدا کا نمونہ ہے ؎

خطت می بینم وگرد سوادِ نامہ می گردم + فدائے جنبشِ آں دست و طرزِ خامہ می گردم

علاوہ خط کی خوبی کے عبارت کی بندش ایسی مسجع اور مقفیٰ اور فصیح و بلیغ کہ اب دیکھنے میں نہیں آتی ؎

قافیہ سنجاں کہ علم بر کشند + گنج دو عالم بقلم در کشند
خاصہ کلیدے کہ درِ گنج راست + زیرِ زباں مردِ سخن سنج راست

میں امید کرتا ہوں کہ ناظرین اس مجموعہ بے نظیر کو دیکھ کے بشیر کے حق میں دعائے خیر فرمائیں گے

تیری جناب میں آیا ہوں یا الہ نہ پوچھ
یہی کہ بخش دے اور مجھ سے تو گناہ نہ پوچھ
(کلیم)

خاکسار بشیر الدین احمد غفر لہٗ

۱۶ جنوری سنہ ۱۹۲۶ء

فہرستِ فرامینِ سلاطین متعلق درگاہ اجمیر شریف

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
نمبر سلسلہ	قسم حکم	بعہد سلطنت	موسومہ	صاحبِ فرمان	محلِ عطا	تاریخ و مہینہ	سنہ جلوس	سنہ ہجری	سنہ عیسوی	خلاصۂ فرمان	صفحہ کتاب	کیفیت
۱	فرمان	جلال الدین محمد اکبر بادشاہ	حکام و عمال و متصدیان	شیخ حسین	موضع ہیڑہ	×	×	×	×	عطائے معاش یک لک تنکہ	۱	
۲	فرمان	جلال الدین محمد اکبر بادشاہ	وکلاء و حکام متعہدان اجمیر	خواجہ حسین	درگاہ شریف	ذی قعدہ	×	سنہ ۹۶۹ھ	۱۵۶۱ء	ممانعت تدفین اموات	۱	
۳	فرمان	" "	شیخ حسین سجادہ نشین	شیخ حسین سجادہ نشین	"	شعبان	(۵)	سنہ ۹۶۷ھ	سنہ ۱۵۶۱ء	درباب اہتمام لنگرخانہ	۲	
۴	فرمان	محمد نور الدین جہانگیر	حکام و عمال	شیخ حسین	"	×	×	سنہ ۱۰۲۱ھ	سنہ ۱۶۱۲ء	منصبِ تولیت	۳	
۵	فرمان	"	"	"	"	×	×	سنہ ۱۰۲۷ھ	سنہ ۱۶۱۷ء	تولیت و اثبات اولاد	۴	
۶	فرمان	"	"	شیخ علیم الدین	موضع گیلوتہ	۱۵ شہریور	(۲۲)	سنہ ۱۰۳۶ھ	سنہ ۱۶۲۶ء	عطائے موضع گیلوتہ مددِ معاش	۸	
۷	فرمان	محمد شہاب الدین شاہجہان بادشاہ غازی	"	شیخ ولی محمد	درگاہ شریف	ربیع الاول	(۲)	سنہ ۱۰۳۹ھ	سنہ ۱۶۲۹ء	عطائے منصب سجادگی	۹	

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۸	فرمان	محمد شہاب الدین شاہجہان بادشاہ غازی	حکام و عمال	اولاد حضرت خواجہ بزرگ	موضع گنا ہٹیرہ	۲۱ مہر ماہ الٰہی	(۴)	سنہ ۱۰۴۱ھ	سنہ ۱۶۳۱ء	عطائے معاش گنا ہٹیرہ	۱۰	
۹	فرمان	״	״	متولیان	درگاہ شریف	۱۲ رجب المرجب	(۱۲)	سنہ ۱۰۵۰ھ	سنہ ۱۶۴۰ء	منصب سجادگی	۱۱	
۱۰	فرمان	״	״	اولاد شیخ علم الدین	موضع دلواڑہ	ذی الحجہ	(۱۶)	سنہ ۱۰۵۲ھ	سنہ ۱۶۴۲ء	عطائے موضع دلواڑہ	۱۴	
۱۱	فرمان	ابو العدل غزیز الدین عالم گیر بادشاہ غازی	״	پسران میر غیاث الدین وغیرہ	موضع بدھ گاؤں پرگنہ وحویلی اجمیر	۲۶ محرم	(۳)	سنہ ۱۰۷۰ھ	سنہ ۱۶۵۹ء	عطائے معاش موضع بدگاؤں	۱۶	
۱۲	فرمان	ابو العدل غزیز الدین عالمگیر بادشاہ غازی	حکام و عمال	امام الدین سجادہ	موضع اڑکہ پرگنہ حویلی اجمیر	صفر المظفر	(۵)	سنہ ۱۰۷۲ھ	سنہ ۱۶۶۱	عطائے معاش موضع اڑکہ	۱۹	
۱۳	چٹھی فرمان	شاہ عالم بہادر شاہ بادشاہ	سجادہ صاحب	شیخ سراج الدین	موضع گیلوتہ پرگنہ نرائنہ	۲۵ ربیع الآخر	(۴)	سنہ ۱۱۲۲ھ	سنہ ۱۷۱۰ء	عطائے منصب سجادگی روضہ منورہ متعلق معاش موضع گیلوتہ	۲۲	
۱۴	چٹھی فرمان	محمد شاہ بادشاہ غازی	سید محمد حسن	سید محمد حسن وغیرہ	درگاہ شریف	۲۴ شوال	(۱)	سنہ ۱۱۳۱ھ	سنہ ۱۷۱۸	تقرر یومیہ نیم روپیہ	۲۴	
۱۵	چٹھی فرمان	״	شیخ منیر الدین	شیخ منیر الدین	״	غرہ رجب	(۲)	سنہ ۱۱۳۲ھ	سنہ ۱۷۱۹ء	سجادگی درگاہ شریف	۲۵	
۱۶	״	״	مسماۃ بی بی کمال	مسماۃ بی بی کمال	״	۱۶ محرم	(۶)	سنہ ۱۱۳۹ھ	سنہ ۱۷۲۶	عطائے بیگہ زمین در حویلی اجمیر شریف	۲۷	

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۱۷	فرمانچہ	محمد شاہ بادشاہ غازی	گماشتہائے جاگیرداران	مسماۃ بی بی کمال	درگاہ شریف	۲۹ جمادی الثانی	(۱۳)	سنہ ۱۱۴۳ھ	سنہ ۱۷۳۰ء	عطائے عسگہ اراضی درحویلی اجمیر شریف	۲۹	
۱۸	فرمانچہ	״	״	سید ظہیر الدین وغیرہ	پرگنہ اجمیر	۷ ذیقعد	(۲۳)	سنہ ۱۱۵۴ھ	سنہ ۱۷۴۱ء	عطائے یومیہ پانزدہ آنہ از اوقاف روضہ	۳۰	
۱۹	فرمان	ابو المظفر جلال الدین محمد شاہ عالم بادشاہ	عمال و متصدیان	امام الدین با فرزندان	موضع گنگوانہ وغیرہ	یکم محرم الحرام	(۱۱)	سنہ ۱۱۸۴ھ	سنہ ۱۷۷۰ء	معاش التمغا	۳۱	
۲۰	فرمان	״	״	״	موضع ناند پرگنہ حویلی اجمیر شریف	۱۱ ربیع الاول	(۱۱)	سنہ ۱۱۸۴ھ	سنہ ۱۷۷۰ء	عطائے معاش موضع ناند مع مزرعہ رام پور بطور التمغا	۳۲	
۲۱	شقہ	ابو البرکات معین الدین اکبر شاہ ثانی بادشاہ	صوبۂ اجمیر سرکار انگریزیہ	×	اجمیر		×	×	×	در باب انتظام درگاہ شریف مشمولہ مثل نمبر (۱۲۰) محافظ خانہ	۳۶	ان دونوں تحریروں میں سنہ نہیں ہے۔
۲۲	شقہ	اکبر شاہ ثانی بادشاہ	״	×	اجمیر		×				۳۸	اس بادشاہ کی مدت سلطنت سنہ ۱۲۲۱ ۱۸۰۶ء سے سنہ ۱۲۵۳ ۱۸۳۷ء تک ہے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
				خاندانِ سلاطین خلجی								
۲۳	فرمان ۱	سلطان علاؤالدین خلجی	راجہ رتن سین راجہ چتوڑ	راجہ موصوف	×	×	×	سنہ ۷۰۳ھ	سنہ ۱۳۰۲ء		۳۹	یہ تحریر اور اس کا جواب جو ذیل میں درج ہی ایک مطبوعہ اردو کتاب سے نقل کیا گیا ہی یہ واقعہ سنہ ۷۰۳ھ مطابق سنہ ۱۳۰۲ء کا ہی۔
	عرضی جوابی ۲	راجہ رتن سین راجہ چتوڑ	سلطان علاؤالدین خلجی	بادشاہ موصوف	×	×	×	″	″		۴۰	
				خاندانِ سلاطین سور								
۲۴	فرمان	ابوالمظفر سلطان سلیم شاہ غازی	حکام و عمال	شیخ علیم اللہ وغیرہ	پرگنہ باڑی سرکار لکھنؤ	۲ر مہر ماہ الٰہی	(۴۹)	سنہ ۱۰۱۲ھ	سنہ ۱۶۰۳ء	عطائے موازی دو صد بیگہ اراضی	۴۰	اسی بادشاہ کو اسلام شاہ بھی کہتے ہیں یہ سنہ ۹۵۲ھ سے سنہ ۹۶۰ھ (۱۵۴۵ء تا ۱۵۵۲ء)
				فرامین اکبری								
۲۵	فرمان	ابوالفتح جلال الدین محمد اکبر بادشاہ	حکام کرام و عمال	درگاہ حضرت شاہ نجم الحق	قصبۂ سہنہ صوبہ و سرکار دہلی	پنجم ماہ اسفندار الٰہی	(۵)	سنہ ۹۶۷ھ	سنہ ۱۵۵۹ء	عطائے اراضی الٰہ دکہ لہ مسکہ و نقد و ۸ بسوہ یومیہ بابت شب چراغ و لنگر خانۂ درگاہ۔	۴۱	تک حکمراں رہا کل مدت سلطنت (۸) سال دو ماہ دس دن ہی اور اس نے (۵۸) سال (۳) ماہ چند دن کی عمر میں وفات پائی
۲۶	فرمان	ایضاً	راجہ سوہن لال وزیر اعظم	راجہ موصوف	×	×	(۲۰)	سنہ ۹۸۳ھ	سنہ ۱۵۷۶ء	عطائے خطاب راجگی و بہادری و معتمدگی و جنگی	۴۲	سنہ (۴۹) جلوس مطابق سنہ ۱۰۱۲ھ لکھا ہی جو اکبر بادشاہ کا زمانہ ہوتا ہی
۲۷	عرضداشت	خان اعظم مرزا کوکلتاش	درجواب فرمان اکبر بادشاہ	×	×	×	×	×	×	منقول از دربار اکبری	۴۳	سلیم شاہ نے سنہ ۹۵۳ھ (۱۵۴۶ء) میں بعہد نورالدین جہانگیر بادشاہ ایک پل بنوایا جسے

فرامین جہانگیری

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
												سلیم گڈھ اور نور گڈھ بھی کہتے ہیں اور مسجد درگاہ قطب صاحب ۹۵۸ھ ۱۵۵۱ء میں بنوائی
۲۸	فرمان	ابوالمظفر نورالدین محمد جہانگیر بادشاہ	حکام و عمال	لالہ مصر	مہرپور سرکار خیرآباد	آبان	(۹)	سنہ ۱۰۲۳ھ	سنہ ۱۶۱۴ء	عطائے دوبست دہ بیگہ اراضی	۴۵	سنہ جلوس (۹) ٹھیک بلحاظ ہے نہ سنہ ۱۰۱۲ھ نقل جناب مظفر حسین خاں صاحب رئیس شاہ آباد کے قلم کی ہے۔ غالباً سنہ کی نقل کرنے میں کچھ سہو ہوا ہے۔
۲۹	فرمان	″	″	ملا جاسنت ملاہو ٹنگ فارسی بافرزندان	قصبہ نوساری سرکار سورت	۱۱ شہریور	(۱۳)	سنہ ۱۰۲۷ھ	سنہ ۱۶۱۷ء	عطائے معاش موازی یک صد بیگہ اراضی بگز الٰہی از قصبہ نوساری سرکار سورت بطور مدد معاش	۴۵	
۳۰	فرمان	″	″	فیروز خاتون زوجہ سید محمود	پرگنہ سکیت	۱۳ خورداد ماہ الٰہی	(۱۰)	سنہ ۱۰۲۴ھ	سنہ ۱۶۱۵ء	عطائے پنجاہ بیگہ اراضی مدد معاش	۴۷	
۳۱	فرمان	″	″	مسماۃ اور بانو دختر مبارک	پرگنہ پانی پت سرکار دہلی	شہریور الٰہی	(۱۸)	سنہ ۱۰۳۲ھ	سنہ ۱۶۲۲ء	عطائے اراضی سی بیگہ زمین	۴۸	
۳۲	فرمان	″	نواب شیخ فرید	نواب ممدوح	×	۲۰ فروردی	(۲۱)	سنہ ۱۰۳۵ھ	سنہ ۱۶۲۵ء	عطائے موازی چہار ہزار بیگہ زمین بطور مدد معاش	۵۰	

فرامین شاہجہانی

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳
۴۳	فرمان	شہاب الدین محمد شاہجہان بادشاہ غازی	نواب شیخ فرید	نواب موصوف	موضع اہولی	۲۴ ...	(۹)	سنہ ۱۰۴۵ھ	سنہ ۱۶۳۵ع	تنبیہ نمودن مفہوران	۵۱	
(بقیہ نوٹ صفحہ ۱۷۵) شہر لیف لاٹ اور نہ صرف بیٹے بلکہ بہویں اور پوتے تک آئے اور خود بادشاہ سلامت مع ملکہ معظمہ کے اروق افروز ہوئے اور اب پھر پرنس آف ویلز ولی عہد بہادر کی تشریف آوری کی خبر مسرت اثر گرم ہے۔ یہ فرق ہے عزم واستقلال آرائے ہمارے اور انگریزوں کے۔ ہمارے شاہزادے بھونروں کے پلے بھلا کیسے وطن چھوڑ کر باہر نکلتے اس خط میں بات تو صرف اتنی ہی ہے کہ میں شہزادے کو آپ کی خدمت میں بھیجتا مگر اس کی جدائی اور دوری گوارا نہ ہوئی۔ یہ بھی صرف کہنے کی بات ہے اور نری سخن سازی ہے ورنہ در اصل بادشاہ کو ایسا خیال بھی تو نہ آیا ہوگا۔ اپنے پندار میں ملکہ سے اظہار خلوص وعقیدت کا یہ ایک ذریعہ ٹھیرایا ہے جسے بے انتہا لمبی چوڑی تمہید اور عبارت آرائی کے علاوہ گہرے سنہری کام سے لیپ دیا ہے۔ اس خط کی انشا پردازی اور عبارت آرائی کی قدر لندن میں کس نے کی ہوگی اور اس کی نفیس مقفیٰ اور مسجع عبارت کی داد کس نے دی ہوگی اور جب اصل مطلب کی طرف غور کیا ہوگا تو بادشاہ کی اولوالعزمی استقلال ہمت وجرأت ملک داری کی نسبت دانایان فرنگ کا کیا خیال ہوا ہوگا ظاہر وباہر ہے۔ اگر اسی مطلب کو سیدھی سادی انگریزی میں لکھوا دیتے تو شاید اس تمام کھکھیڑے اور کھٹراگ سے زیادہ موثر اور مفید ہوتا اس میں کلام نہیں کہ یہ خط وضع الشئ فی غیر محلہ ضرور تھا مگر ہر کسے مصلحت خویش نکو می داند۔

گدائے گوشہ نشینی تو حافظا مخروش + رموز مصلحت خویش خسرواں دانند (من المصنف) ۱۲

او تا عموم عوام مرتکب این حرکت × ذمیم و بادی این فعل وخیم نشوند و در غر

درر نامعدود و نقود
محمود و صلوة غیر محدود و هدیه بارگاه ملایک پناه حضرت احمد مجتبی محمد مصطفی سلطان العرب والعجم
فخر الانام کهف الامم آفتاب جهانتاب سپهر نبوت سپهر آفتاب علو و عظمت گوهر آبدار
صدف هدایت × (حصهٔ دوم) صدف گوهر شهوار شفاعت سید الثقلین سرور
خافقین مسند آرای مقام قاب قوسین شهسوار مضمار لیلة الاسری عارج معارج اقصی صلوات
الله علیه علی نبینا و عموماً علی سائر الانبیاء خصوصاً علی مسیح ابن مریم و علی آله الاطهار و اصحاب
الکبار اجمعین × اما بعد تحمید حامد حضرت کردگار و اهدای هدایای سرور روزگار بر مرآت
ضمیر قدسی تخمیر اعلی حضرت کیوان منزلت سپهر جناب رخشنده کوکب آسمان سلطنت
جهانداری دری سماء خلافت و شهریاری محمود اکاسره و رشک افزای قیاصره ×
شاه جمجاه فلک بارگاه خورشید کلاه ستاره سپاه محی مراسم مسیحیه مکرم مکارم انگلشیه
آنکه آوازهٔ کمال معدلتش سرتاسر آفاق فرا گرفته و صیت عنایت مکرمتش باطراف و
اکناف عالم وا رسیده از هیبت داور عدلش فلک کجرفتار سرنگون × و از خوف
شحنهٔ سیاستش برق آتشبار بار نفته درون در مصاف معرکه شجاعتش رستم
دوران ترسان و در میدان نبرد شهامتش مریخ فلک بر خود لرزان باتباع احکام
مطاعش سروران نامدار غاشیه اطاعت بر دوش و × بامتثال فرمان واجب
الاذعانش ملوک عالیمقدار حلقهٔ فرمانبرداران انگلستان خلد الله ملکها و سلطانها
و افاض علی العالمین برها و احسانها منطبع و منقش می گرداند که نظر بسوابق اتحاد این
دودمانها از زمان حضرت خاقان گیتی ستان امیر تیمور گورکان صاحبقران و جد والا از زمان
حضرت جلال الدین عرش آشیان انار الله برهانه بآن خاندان عالیشان و الفای آن
یگانگت و اتحاد تا این زمان و ظهور اتحاد و عنایت و امداد از ان دولت ابد بنیاد نسبت
باین خاندان عظمت نشان که شمه از کیفیت باین داستان در سابق آوان بذریعهٔ
مکتوب و سفیر بمسامع و مجامع آن سر دفتر شاهان ذی شان رسیده است و
احتمال اضاعت اوقات معدلت گستری و رعایا پروری آن کهف امن و امان × از
تکرار آن نکاران بالغ است از سالها ارادهٔ ارسال نور حدقهٔ سلطنت و نور حدیقهٔ حشمت
برخوردار کامگار سعادت اطوار رشید دثار فرزند ارجمند مرزا محمد جوانبخت بهادر که باوجود

صغر سن آثار[۱] بزرگی از ناصیه اش پیداست و آثار رات بختیاری از چهره اش × هویدا
درینعمر بیکه شعور کامل نمیباشد اکثر اوقاتش بطلب مرضیات خالق و رضاجوی خلق
وخدمت والدین ورحم براہل قرابت واحقاق حق وابطال باطل وشوق کسب کمال و
اجتناب از خصائل اراذل بدرجۀ کمال مصروف اند و × دیدن همین خصال با شرافت
جوهر ذاتی خاطر بادولت را درگرو محبت آن نونهال و همیشه جویای ترقی مدارجش در حال
ومآل میدارد بخدمت سراپا معدلت مکنون بود تا ملاحظۀ حال آن ستوده خصال
باعث وفور توجه معدلت × پژوه بر حالش شود ولنیت فرزندی که سبب برادرزادگی
هست وعمه را برادرزاده بپاسخاطر برادر شفقتهابیشتر از مادری باشد. افزایش یابد
ودر زمرۀ فرزندان دست گرفته که شاهان باشکوه را پاسداری این بیشتر می یشود
نسلک گردد حصۀ سوم - وہمین حفظ وحمایت آن معدن جود و عدالت از شر حسودان
مصئون و مامون ماند لاکن وفور محبت وعدم تحمل کلفت مفارقت ازین اراده مانع آمد
درینحال همین مناسب منصور شد که نقش مقصود را بارقام مختصری از احوال این نونهال
وارسال نقش دست این خوشخصال ارتسام یابد یقین است که هرگاه این نقش
بدست آنشاه قوی بازو رسید پاس دست گرفتگی بر ذمت همت والانهمت متحتم وواجب
خواهد گردید وشاهد مقصود از جلباب خفا سر بعرصۀ ظهور خواهد کشید × توقع از آن
سر گردۀ سلاطین والاشکوه انیست که بعد در نامۀ نامی حادی منظوری وقبول این
مامول آگاه فرموده درین عالم ناتوانی و پیرانه سالی از دست بیخ این فکر طمانیت افزای
خاطر فاتر وممنون هزاران هزار شادکامی خواهند گردانید × او سبحانه تعالی شانه که ثمرات
حسنات برکافۀ روزگار فواید دادپروری ونتائج عدل گستری مخصوص بملوک عدالت شعار
منقسم ومرتسم ساخته از زور بازوی اقبال آن انجم سپاه سینه دشمنان پر غم و
آرزومندان استعانت را خوش و × خورم وشاداب داشته همواره بآبیاری افضال
لایزال گلستان دولت وسلطنت روزافزون سرسبز و ریان چمنستان عدل و
معدلت شگفته وخندان داراد الی یوم التناد - لفافه - .... دولت سپهر جناب
ثریا قباب رخشنده کوکب آسمان جهانداری ودری سمار خلافت وشهریاری

[۱] هر کس عقل خود بکمال دفرزند خود بجمال - ۱۲۰

محمود اکاسرہ رشک افزائے قیاصرہ شاہ جہاہ فلک بارگاہ خورشید کلاہ محی مراسم مسیحیہ مکرم مکارم انگلشیہ جمشید حشمت فریدون شوکت نوشیروان عدالت حاتم ہمت معدن مروت بیکران منبع الطاف بی پایان ہشت رہ صاحبہ مشفقہ بسیار مہربان ملکہ معظمہ وکٹوریا صاحبہ خلد اللہ ملکہا وسلطانہا شرف بادلہ +

(۱۲۶) ترجمۂ خطِ انگریزی لارڈ کالون صاحب

موسومہ ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ دہلی مورخہ ۲۲ر اگست ۱۸۵۴ء متعلق بہ انسداد گاؤکشی

(ترجمہ) بہ حضور ابوظفر سراج الدین محمد بہادر شاہ بادشاہ غازی۔
میرے محترم اور شاہی دوست۔ حضور کا وثیقہ مشعر اُن قیود کے جو شہر دہلی میں گاؤکشی کے عمل درآمد کے متعلق عاید کی گئی ہیں مع ملفوفات کے پوہنچا جسے میں نے بغور ملاحظہ کیا۔ میرے شاہی دوست جس شرط پر میں نے اعتراض کیا تھا جو مقامی عہدداروں نے عائد کی تھیں اور جس کی بڑی غرض شہر کا امن قایم رکھنے کی تھی۔ و یقین جو اس معاملے کو پیش کرنا چاہیں۔ اُن کو چاہیئے کہ اس معاملے کو اُن عہدہ داروں کے سامنے پیش کریں جن کو اس کی تحقیقات اور تصفیہ کا پورا اختیار حاصل ہو۔

مقام مستقر
۲۲ر اگست ۱۸۵۴ء
اس۔ آر۔ کالون۔

لہ دراصل یہ خط مرزا جواں بخت کی ولی عہدی کی منظوری کے متعلق ہی۔ خدا جانے جواب بھی کچھ ملا یا نہیں اور ملا تو کیا ملا ع۔ اے بسا آرزو کہ خاک شدہ۔ وہ بساط ہی اُلٹ گئی بادشاہت ہی نہ رہی تو ولی عہدی کیسی اور کس کی؟۔ یہ بھی عجیب بات سوجھی کہ شاہزادے کے بھیجنے کی عوض پنجہ کا چربہ اُتروا کر بھیج کر دستگیری کی درخواست کی۔ وقت ہی ایسا ٹیڑھا آن پڑا تھا یہ نہ کرتے تو اور کیا کرتے؟ ؎

آن کہ شیران را کند روبہ مزاج　　احتیاج است احتیاج است احتیاج ۔۱۲

(۱۲۷) نقل فرمانِ شاہی میگنا چارٹا مرتبہ یکم نومبر ۱۸۵۸ء

وکٹوریا بہ فضلِ خدا وارث سلطنت متحدہ گریٹ برٹین و آئرلینڈ مع مضافات و متعلقات جو یورپ ایشیا۔ افریقہ۔ امریکہ۔ اور آسٹریلیشیہ میں واقع ہیں حامی دین۔ ہر گاہ کہ ہم نے بباعث چند در چند قوی وجوہ کے باصلاح و رضامندی علما و فضلائے دین و عمائد و اکابران مملکت و وکلائے رعایا جو مجلس پارلیمنٹ میں فراہم ہوتے ہیں۔ ممالک ہندوستان کی حکومت جو اب تک ہماری طرف سے امانۃً زیر اختیار دی آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی کے تھی اپنے قبضۂ تسلط میں لینے کا مصمم ارادہ کیا ہے اس واسطے اب بذریعۂ اعلان ہذا مشتہر و اظہار کیا جاتا ہے کہ باصلاح و رضامندی مذکورۃ الصدر ممالک مذکورہ کی عنان حکومت ہم نے اپنے دست قدرت میں لے لی ہے اور ممالک مذکورہ میں ہماری رعایا کو یہ ارشاد ہے کہ وہ سچی وفادار اور صادق مطیع ہماری اور ہمارے جانشین اور وارثان کی بنی رہے اور جن اشخاص کو ہم وقتاً فوقتاً ممالک مذکورہ کے انتظام و انصرام کے واسطے اپنی طرف سے اور اپنے نام سے مقرر کریں اُن کے اختیار حکومت کو تسلیم کریں چنانچہ ہمنے اپنے معتمد عزیز بھائی اور مشیر چارلس جان وائی کونٹ کیننگ کی فراست اور لیاقت و خیر سگالی پر خاص یقین و اعتبار کر کے موصی الیہ کو ممالک متذکرہ پر عموماً ہمارے نام سے اور ہماری طرف سے حکومت اور فرماں دہی کے واسطے زیر اطاعت اُن احکام و قواعد کے جو وقتاً فوقتاً اُس کو ہماری طرف سے کسی ایک وزیر سلطنت کی معرفت پہونچتے رہیں گے اپنا اول نائب السلطنت اور گورنر جنرل مقرر کرتے ہیں اور تمام اُن عہدہ داران اور افسران جنگی اور ملکی جو اب تک دی انریبل ایسٹ انڈیا کمپنی کی ملازمت میں تھے زیر اطاعت ہماری آئندہ خوشنودی اور قواعد اور قوانین کے جو آئندہ نافذ ہوں مقرر کرتے ہیں اور تمام رؤسائے ہند کو اعلان کرتے ہیں کہ تمام عہد ناجات و معاہدات جو مابین اُن کے اور ایسٹ انڈیا کمپنی کے یا اُن کے زیر اقتدار ہوئے ہیں ہم مقبول و منظور کرتے ہیں اور (نہایت) احتیاط سے اُن کی پابندی کی جائے گی۔ اور اسی طرح اُن کی جانب سے (بھی) اُن کی تکمیل و تعمیل کی

ہم کو ممالک مقبوضۂ موجودہ کو وسعت دینے کی خواہش نہیں ہی اور درحالیکہ ہم کو امید ہی۔ ہم کو ممالک پر کسی طرح کی دست درازی ناسزا اور بد انتظامی مرکوز نہیں اپنے حقوق اور ممالک پر کسی طرح کا تجاوز نہ رکھیں گے۔ رئیسانِ ہند کے حقوق ہی تو دوسروں کے حقوق پر بھی کسی طرح کا تجاوز نہ رکھیں گے۔ رئیسانِ ہند کے حقوق دولت و توقیر و منزلت کا ہم ایسا ہی لحاظ رکھیں گے جیسا کہ خاص اپنا اور ہماری یہی خواہش ہی کہ وہ اور نیز ہماری رعایا بڑایا اس خوش حالی اور تمدنی ترقی کا حظ اٹھائیں جو صرف اندرونی امن اور حسن انتظام سلطنت سے میسر آسکتی ہی۔ ممالک ہندوستان کے باشندگان کی نسبت ہم اپنے تئیں انھیں فرائض کا پابند کرتے ہیں جیسا کہ ہم اپنی دیگر رعایا کی نسبت پابند ہیں اور اُن فرائض کو بہ یمن خداوند تعالی ہم ایمان داری اور دیانت داری سے پورا کریں گے۔ ہم کو اپنی ذات سے دین عیسوی کا یقین واثق ہی اور مذہبی تشفی کے ہم شکر گذاری کے ساتھ مقر ہیں۔ مگر ہمارا حق اور ہمارا منشا یہ نہیں کہ ہم اپنے یقین کو اپنی کسی رعیت سے منظور کرائیں۔ لہٰذا ہم یہ ظاہر کرتے ہیں کہ ہماری شاہانہ خوشنودی اور مرضی یہ ہے کہ مذہبی رسوم اور دینی عقائد ہیں بلکہ تمام اشخاص مساوی قانونی حفاظت سے متمتع ہوں گے اور جو اشخاص ہمارے ماتحت اور صاحب اختیار ہوں گے اُن کو یہ ہمارا سخت حکم ہی کہ وہ ہماری کسی رعایا کی مذہبی رسوم و پرستش میں کسی طرح کی دست اندازی سے باز رہیں ورنہ نہایت ناخوشنودی کا مستوجب اور مورد عتاب ہوں گے۔ مزید براں ہماری مرضی ہی کہ جہاں تک ممکن ہو ہماری رعایا بلالحاظ نسل و قوم آزادانہ ہماری ملازمت میں وہ عہدے پائیں جن کے فرائض وہ اپنی علمیت لیاقت و دیانت سے باحسن الوجوہ ادا کرسکیں۔ جو محبت باشندگان ہند کو اپنے ملک سے ہی جو آبا و اجداد سے متوارث ہی اُس کو ہم بخوبی جانتے ہیں اور ملحوظ رکھتے ہیں پس اُن کے تمام حقوق بہ پابندی اس کار کے مطالبات جائز کے جو اُس کے متعلق ہیں ہم محفوظ رکھیں گے اور نیز ہمارا یہ منشا ہی کہ عموماً تجاویز و نفاذ قانون میں قدیم حقوق رسم و رواج ہندوستان کا بخوبی لحاظ رکھا جائے۔

ہم اُن خرابیوں اور مصیبتوں کا جو ہندوستان پر من چلے لوگوں کے افعال کی بدولت آئیں اور جنھوں نے جھوٹی خبروں سے اپنے ابنائے وطن کو دھوکا دے کر کھلی بغاوت پر اُبھارا کمال افسوس کرتے ہیں۔ میدان جنگ میں اس بغاوت کے فرو کرنے میں

ہماری طاقت کا اظہار ہو چکا ہے۔ مگر اب ہم اُن لوگوں کے جرائم جو دھوکے میں پڑ گئے تھے اور اب اپنے فرائض کے راست پر آنے کے متمنی ہیں معاف کر کے اپنے رحم دوکرم) کا اظہار کرتے ہیں۔

اب بھی ایک صوبہ (اودھ) میں اس خیال سے کہ مزید خون ریزی کا سدّباب ہو اور ہماری مملکت ہند میں جلد امن وامان قائم ہو جائے ہمارے نائب السلطنت گورنر جنرل نے اُن اشخاص میں سے اکثروں کو جو گزشتہ ناگوار فسادات میں بخلاف ہماری گورمنٹ کے مرتکب جرائم ہوئے تھے خاص خاص شرائط سے وعدہ معافی دیا ہے اور اُن اشخاص کی نسبت کسی شخص سے کسی طرح کی رورعایت یا مزاحمت نہ کی جائے نہ (کسی قسم کی) بے اطمینانی عائد کی جائے جن کے جرائم معافی کی دسترس سے باہر ہیں وہ سزا تجویز کر دی جو اُن پر عائد کی جائے گی ہم اپنے نائب السلطنت اور گورنر جنرل کے مذکورہ بالا فعل کو نظر استحسان سے ملاحظہ فرمانے اور منظور کرتے ہیں۔ مزید براں ہمارا ارشاد اور اعلان حسب ذیل ہے۔

ہماری مراعات کو تمامی مجرمین تک توسیع دی جائے گی بجز اُن مجرموں کے جنکی براہ راست شرکت انگریزی رعایا کے قتل میں ثابت ہو چکی ہے یا آئندہ ہو۔ ایسے اشخاص کی نسبت مقتضائے انصاف ترحم سے مانع ہے جن اشخاص نے دیدہ ودانستہ بطیب خاطر قاتلوں کو قاتل جان کر پناہ دی یا جو اس بغاوت میں سرغنہ اور بانی مفسدہ تھے اُن کی صرف جان بخشی کی کفالت ہو سکتی ہے بلکہ ایسے اشخاص کی نسبت سزا تجویز کرتے وقت اُن حالات کا جن کے باعث وہ حلقۂ اطاعت وانقیاد اُتار پھینکنے پر آمادہ ہوئے تھے بخوبی لحاظ کیا جائے گا اور اُن اشخاص کی نسبت جن کے جرائم بسبب سریع الاعتقادی ایسی جھوٹی خبروں کے مان لینے کے لئے جو مفسدہ پرداز لوگوں نے پھیلائیں۔ واقع ہوئے بڑی رعایت اور فراخ دلی کی جائے گی۔ تمام دوسرے اشخاص کو جنھوں نے سرکار کے خلاف میں ہتیار باندھے تھے ہم بذریعہ اعلان ہذا تمام جرائم سے جو اُن سے برخلاف ما بدولت۔ ہمارے تاج (وتخت) اور ہماری قدر ومنزلت کے سرزد ہوئے اپنے اپنے گھروں کو واپس چلے آنے اور باامن اشتغال میں مشغول ہونے پر بلاشرائط معافی۔ جان بخشی اور عفو تقصیر کا اقرار فرماتے ہیں۔ ہماری شاہانہ خوشنودی یہ ہے

کہ رحم وکرم اور جان بخشی کی شرائط اُن تمام لوگوں تک وسیع کی جائیں جو آئندہ پہلی
جنوری سے پہلے پہلے ان شرائط پر کاربند ہو جائیں۔ جب خدا کے فضل سے اندرونی
امن چین پھر قایم ہو جائے گا اُس وقت ہندوستان کی صنعت وحرفت اور دستکاری
کو ترقی اور عامۂ خلائق کے رفاہ اور فلاح کے کاموں کو وسعت دینے اور اُس کے
باشندگان کی منفعت کے لیئے انتظام وحکمرانی کرنے کی ہماری دلی خواہش ہی
اُن کی مرفہ الحالی میں ہماری قوت ہی۔ اُن کی خوشنودی اور رضامندی میں ہمارا
استحکام اور اُن کی احسان مندی اور شکر گذاری ہمارا بہترین معاوضہ ہی۔ خدائے قادر
مطلق ہم کو اور ہمارے ماتحت ذی اقتداروں کو ہماری رعایا کی بہبودی کی ہماری
ان خواہشوں کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔"

(۱۲۸) نقلِ اعلان حضور ملکۂ معظمہ وکٹوریا[1]

چوں کہ پارلیمنٹ کے حال کے اجلاس سے ایک ایکٹ اس نام کا کہ ایکٹ بمراد اس
بات کے کہ جناب مرحمت مآب ملکہ معظمہ اُس خطاب و القاب شاہی میں جو سلطنت
متحدہ اور اُس کے تابع ملکوں کی بادشاہت سے متعلق ہیں ایک اور لقب اضافہ
کر سکیں۔ صادر ہوا ہی اور اس ایکٹ میں لکھا ہی کہ از روئے ایکٹ بابت متحد کرنے ممالک
برطانیہ کلاں وآیرلینڈ کے یہ حکم ہوا تھا کہ بعد ایسے متحد ہونے کے سلطنت متحدہ اور
اُس کے تابع ملکوں کی بادشاہی کے متعلق خطاب والقاب وہی ہوا کریں گے
جو بادشاہ اپنے اشتہار شاہی کے ذریعہ سے جو سلطنت متحدہ کی مہر اعظم سے مزین ہو
مقرر فرمائیں اور اس ایکٹ میں یہ بھی لکھا ہی کہ حسب منشائے ایکٹ مذکور اور اشتہار شاہی
کے جو مزین بہ مہر اعظم اور مورخہ یکم جنوری ۱۸۰۱ء تا بدولت کے حال کے خطاب
والقاب یہ ہیں وکٹوریا بالفضل خدا سلطنت متحدہ برطانیہ کلاں اور آیرلینڈ
کی ملکہ حامی دینِ عیسائی۔ اور اس ایکٹ میں یہ بھی لکھا ہی کہ ایکٹ بابت
حسن انتظام گورنمنٹ ہند کے بموجب یہ حکم نفاذ پایا ہی کہ گورنمنٹ ہند جو اس وقت
تک تا بدولت کی طرف سے سرکار ایسٹ انڈیا کمپنی بہادر کے تفویض میں بطور

[1] دربار قیصری کا اعلان یکم جنوری ۱۸۷۷ء۔ ۱۲

امانت تھی مابدولت کی تفویض ہو جائے اور یہ کہ آیندہ کے لیئے اور قرین مصلحت یہ ہے کہ نقل وتحویل گورمنٹ جو حسب مذکورہ کی گئی اُس کی تسلیم و پذیرائی اس نہج پر ظاہر کی جائے کہ مابدولت کے خطاب اور القاب میں ایک اور لقب اضافہ کیا جائے اور اس ایکٹ میں امور مذکور کی تحریر کے بعد یہ حکم ہوا ہے کہ مابدولت کو جائز ہوگا کہ نقل وتحویل گورنمنٹ ہند کی تسلیم و پذیرائی مذکورۂ بالا کی لحاظ سے اس خطاب والقاب میں جو سلطنت متحدہ اور اُس کے تابع ملکوں کی بادشاہی سے بالفعل متعلق ہیں بذریعہ اشتہار مشتہرہ مابدولت قرین بہ مہر اعظم سلطنت متحدہ ایسا لقب اضافہ کریں جو مابدولت کو مناسب معلوم ہو۔ لہذا مابدولت نے حسب صلاح مشیران پریوی کونسل کے یہ مناسب سمجھا تھا کہ یہ تعیین و اعلان کردیں (اور اس صلاح سے اور اس صلاح کے بموجب اس اشتہار کی روسے یہ تعیین و اعلان کیا جاتا ہے کہ) آیندہ جہاں تک یہ سہولت ہو سکے تمام موقعوں اور تمام دستاویزوں میں جن میں مابدولت کے خطاب والقاب مستعمل ہوں بجز اور بہ استثنائے جملہ چارٹر و معاہدات ملکی اور کمیشن (فرامین مناصب) اور لٹرز پیٹینٹ (مکاتیب عامہ) اور گرانٹ (مواہب وعطیات) اور ریٹ (پروانجات) اور اپائنٹمنٹ (تقررات) اور اسی طرح کی اور جملہ دستاویزات کے جو سلطنت متحدہ کے باہر اثر پذیر نہ ہوں اس خطاب والقاب میں جو سلطنت متحدہ اور اُس کے تابع ملکوں کی بادشاہت سے بالفعل متعلق ہیں زبان لاطینی میں یہ الفاظ انڈے امپراٹرکس اور زبان انگریزی میں یہ الفاظ امپرس آف انڈیا (قیصر ہند) اضافہ کیئے جائیں۔ اس کے سوا مابدولت کی مرضی اور خوشی یہ ہے کہ کمیشن چارٹر۔ لٹرز پیٹینٹ۔ گرانٹ ریٹ اور اپائنٹمنٹ اور اسی طرح کی اور دستاویزات میں جو اوپر بالخصوص مستثنی کی گئی ہیں وہ اضافہ نہ کیا جائے اور سوا اس کے مابدولت کی مرضی اور خوشی یہ ہے کہ جملہ سونے چاندی اور تانبے کے نقود جو سلطنت متحدہ کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج ہیں اور جملہ سونے چاندی اور تانبے کے نقود جو آج یا آج کے بعد مابدولت کے حکم سے اسی طرح کے نقوش سے مسکوک ہوں بلا لحاظ اُس اضافے کے جو مابدولت کے خطاب اور القاب میں کیا گیا ہے سلطنت متحدہ مذکورہ کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج متصور ہوں اور سمجھے جائیں اور سوائے اس کے یہ کہ جملہ سکے جو سلطنت

متحدہ کے تابع ملکوں میں سے کسی کے لئے اور کسی میں مسکوک اور جاری ہوئے ہیں اور مابدولت کے اشتہار کی رو سے اُن تابع ملکوں کے سکہ جات رائج الوقت اور جائز الرواج قرار دیئے گئے ہیں اُن پر مابدولت کے خطاب والقاب یا اُن میں سے کوئی جزو یا اجزاء منقوش ہوئے ہیں اور جملہ نقود جو مطابق اشتہار مذکور کے بعد ازیں مسکوک اور جاری ہوں بلا لحاظ ویسے اضافے کے اُن تابع ملکوں کے سکہ جات جائز الرواج اور رائج الوقت رہا کریں تا وقتیکہ مابدولت کی اور کوئی مرضی اُس کی نسبت ظاہر نہ کی جائے۔ مابدولت کے محکمہ واقع مقام ونڈسر سے ۱۸۷۶ء کی ۲۸ راپریل کو مابدولت کے جلوس کے (۳۹) سال میں صادر ہوا"۔

"خداوند کریم جناب ملکہ معظمہ کو سلامت با کرامت رکھے"

(۱۲۹) پیام شاہی شاہنشاہ معظم ایڈورڈ ہفتم

من مقام قلعہ ونڈزر۔ تاریخ ۴ ر فروری ۱۹۰۱ء

مابدولت کی والدۂ محترمہ کی وفات حسرت آیات کی وجہ سے مابدولت تخت کے وارث قرار پائے جو بسلسلۂ نسب قدیم و ممتد مابدولت تک پوہنچا ہے۔ مابدولت ہندوستانی روسائے با اقتدار اور اپنی سلطنت کی رعایا کو اس بات کا یقین دلانے کی غرض سے کہ ہماری شفقت اور عنایت اُن کے شامل حال ہو اور نیز اُن کی خیر و خوبی ہماری دلی خواہش ہے بذریعہ تار چاہتے ہیں کہ ہماری طرف سے پیام بعافیت باشند اُن کو پوہنچا دیا جائے۔ ہماری نامور اور مرحومہ مورثہ اس ملک کی پہلی ملکہ تھیں جنھوں نے زمام سلطنت ہند اپنے دست خاص میں لی اور اس برّاعظم کی سلطنت کے ساتھ اپنا قوی تعلق ظاہر کرنے کے لئے قیصر ہند کا خطاب اختیار کیا۔ ملکہ معظمہ تمام امور متعلقۂ ہندوستان کے ساتھ یکساں طور پر ذاتی دلچسپی ظاہر فرمایا کرتی تھیں اور مابدولت اُس گرویدگی اور ارادت سے بھی بخوبی واقف آگاہ ہیں جو اس ملک کی کرور ہا رعایا کی طرف سے اُن کی ذات والا صفات اور اُن کے تخت کے ساتھ ظاہر کی جاتی تھی۔ ملکہ معظمہ کی باشوکت اور ممتد العہد سلطنت کے اخیر سال جو شریفانہ اور حامیانہ مدد روسائے با اقتدار نے

جنوبی افریقہ کی جنگ میں اُن کو دی اور جن بہادرانہ خدمات کی بجاآوری اپنے ملک کی حدود کے باہر ہندوستانی فوج کی طرف سے ہوئی ان سے اُس گرویدگی اور ارادت کا اظہار کافی طور پر کیا گیا ہے۔ ملکہ کی مرضی اور اجازت سے بادولت ہندوستان تشریف لے گئے اور اُس قدیم اور مشہور سلطنت کے روسائے با اقتدار اور رعایا اور بلاد و امصار سے ذاتی آگاہی حاصل کی جو قومی اثر اُس وقت ہمارے دل پر ہوا بادولت ہرگز اُس کو فراموش نہیں کریں گے اور ضرور اس بات کی کوشش کریں گے کہ ہر طبقے کی تمام ہندوستانی رعایا کی بہبود کے لیئے ملکہ معظمہ کے عمدہ نمونے کی پیروی کرتے رہیں اور جیساکہ ملکہ معظمہ نے کیا تھا بادولت بھی اپنے تیئں رعایا کی لازوال خیرخواہی اور ارادت کا مستحق ثابت کریں۔ شرح دستخط ایڈورڈ آر۔ آئی۔" ۱۸۵۸ء کی پہلی نومبر کو تاج انگلستان نے ہندوستان کی زمام حکومت خود اپنے دست خاص میں لی اور اُس موقع پر کوئین وکٹوریا نے جو اعلان فرمایا تھا اُس کا جزو ضروری جیساکہ معلوم ہے ملکہ کے دست خاص کا لکھا ہوا تھا اُس میں اُنھوں نے ایسے لفظوں میں جو ہمیشہ یادرہیں گے اُن اصولوں کی صراحت فرمادی تھی جن پر اُن کو ہندوستان کی حکمرانی میں کاربند ہونا مرکوز خاطر تھا اور نیز اُن باہمی تعلقات کی ذمہ داریوں کو جو تاج انگلستان اور رؤسائے با اقتدار اور رعایائے ہندوستان کو وابستہ یک دگر کرتی ہیں سترہ برس لارڈ بیکنسفیلڈ کے ذہن وقاد نے شاہی ربط وضبط کی طرف مزید رہنمائی کی اور پارلیمنٹ کا ایکٹ یعنی توقیع جو لوگوں میں "شاہی خطابات کے بل" کے لقب سے مشہور ہے نافذ ہوا جس کی رو سے گریٹ برٹین اور آیرلینڈ کی سلطنت متحدہ کی ملکہ ہندوستان کی پہلی قیصرہ بھی قرار پائیں۔ کوئین وکٹوریا نے بذریعہ ایک شاہی اعلان کے جو ۲۸ اپریل ۱۸۷۶ء کو ایوان ونڈزر میں پڑھا گیا۔ قیصر ہند کا خطاب اختیار کیا۔ ۸ اگست ۱۸۷۶ء کو لارڈ لٹن وائسرائے وگورنر جنرل نے اس اعلان کو مشتہر کیا اشتہار دیتے وقت ہز اکسلنسی نے اس کا بھی اعلان کیا کہ سال جدید کے پہلے دن اُن کا ارادہ دہلی میں ایک شاہی مجمع کرنے کا ہے تاکہ تمام ہندوستان میں ملکہ کی رعایا پر اُن شاہانہ خیالات کا اعلان کردیا جائے جو علیا حضرت ملکہ معظمہ کو اس کے محرک ہوئے ہیں کہ اپنے شاہی القاب وخطابات میں مزید اضافہ کریں اور مقصود اس اضافے سے یہ ہے کہ اُن کے تاج کے مضافات میں جو ہندوستان کا بڑا علاقہ ہے اور علیا حضرت کو اس علاقے کے ساتھ تعلق خاص کے علاوہ

ہندوستانی روسائے باقتدار اور رعایا کی خیر اندیشی اور ارادت پر بھی اُن کا شاہانہ اعتماد ہے
یہ باتیں عامۂ خلائق کے ذہن نشین کردی جائیں۔ اس مجمع میں تمام اقطاع ہندوستان سے
گورنر اور لفٹنٹ گورنر اور ہر ایک دار الحکومت کے افسران بالادست مدعو کیے گئے اور اُن
کے علاوہ وہ عمائد اور اراکین بھی جن میں بقول لارڈ لٹن گزشتہ زمانے کی قدامت اور زمانۂ
حال کی مرفہ الحالی دونوں چیزیں جمع ہیں اور جن سے اس بڑی سلطنت کی شان و شوکت
اور پائداری کی بیش بہا تائید ہوتی ہے۔ شہنشاہی مجمع جو جنوری ۱۸۷۷ء کو بمقام دہلی منعقد
ہوا اگرچہ اس دربار کی شان و شوکت کے مقابلے میں ماند پڑ گیا تاہم وہ اس حیثیت سے
یادگار رہے گا کہ اُس میں پولٹیکل مصلحت مضمر تھی اور وہ صاف دلالت کرتا ہے کہ اُس سے
برٹش انڈیا کی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا اور جو تعلق "تاج انگلستان کو اپنے مضافات
میں سے ہندوستان کے اس بڑے علاقے کے ساتھ ہے آخرکار اُس کی بنیاد صاف و صریح
اور مستحکم قاعدے پر رکھی گئی۔ اگرچہ دربار گزشتہ کے انتظامات میں سے اُس مجمع پر بہت
سے اعتراض ہوئے مگر حقیقت میں وہ مجمع لارڈ بیکنسفیلڈ کا عقلی اور تاریخی نتیجہ تھا اور اُس
نے ایسی اچھی طرح کہ صرف تحریر ہرگز اُس سے عہدہ برآنہ ہوسکتی ہندوستان کے لوگوں کے
ذہن نشین کردیا کہ جس عملی طور سے ہندوستان انگریزی حکومت کے اور علاقوں کے ساتھ
گھل مل کر جزو سلطنت قرار پاگیا ہے۔ اور جس نے اس منفرد بادشاہ کی عہد سلطنت میں ہندوستانی
رعایا کی کایا پلٹ کردی کہ یا تو وہ تنہا اور نیم آزاد حکومتیں تھیں یا اب ایک مشترک بادشاہ
کے طاقت ور اور خوش دل اعوان و انصار قرار پاگئے ہیں آخر اس عملی طور کی اصلیت
اور حقیقت کیا ہے۔ آپ نے سلطنت کے پہلے ہی برس میں ملک معظم نے شاہی آداب و القاب
میں ایک اور اضافہ کیا۔ چوں کہ یہ اضافہ جیسا ہندوستان کے علاوہ حضور عالی کی اور سلطنتوں
میں جاری ہے ویسا ہی ہندوستان کی سلطنت میں نافذ ہے لہٰذا اس محل پر اُس کا تحریر
کردینا بھی ضرور ہے۔ ۴ر نومبر ۱۹۰۱ء کو ایک شاہی اعلان مشتہر ہوا کہ شاہی خطابات
کے بارے میں جو ایک ایکٹ پچھلے اجلاس میں نافذ ہوا تھا اُس کے مطابق آئندہ کو
شاہی القاب و خطاب حسب ذیل ہوں گے:-

"ایڈورڈ ہفتم بفضل خدا سلطنت متحدہ برطانیہ عظمیٰ و آیرلینڈ و دیگر
سلطنت ہائے آں سوئے بحار و حامی دین و قیصر ہندوستان"

(۱۳۰) درباری اسپیچ[۱] ایڈورڈ ہفتم

اے شاہزادگان والا تبار و سردار عالی وقار و متوطنان مملکت ہند! پانچ ماہ کا عرصہ ہوا کہ بادشاہ انگلستان وشہنشاہ ہند ایڈورڈ ہفتم نے لندن میں انگلستان کا تاج شاہانہ سر پر رکھا اور عصار حکومت کو دست مبارک میں لیا۔ اُس وقت مملکت ہند کے صرف چند ہی وکیل اپنی خوش قسمتی سے حاضر تھے لیکن آج شہنشاہ معظم نے اپنے الطاف خسروانہ سے تمام اہل ہند کو یہ موقع دیا ہے کہ ایک ویسی ہی خوشی میں شریک ہوں اور آج یہاں یا ہند کے دیگر حصص میں اس عالی شان تقریب کی خوشی میں کل رؤسا و امرا و سردار جو عمائد سلطنت ہیں اور تمام دیسی و یورپین حکام جن کے ہاتھ میں زمام حکومت ہے اور جو ایسی دانائی اور جاں فشانی سے کام کر رہے ہیں جس کی نظیر نہیں مل سکتی اور کل انگریزی اور دیسی فوج جو ایسی نہایت اعلی درجے کی بہادری سے سرحد کی حفاظت کرتی ہے اور لڑائیوں میں اپنا خون بہاتی ہے اور تمام باشندگان ہند بلا امتیاز ملت اپنے رسوم و رواج کے جو باوجود لاکھوں طرح کے جھگڑوں کے سلطنت برطانیہ کی اطاعت کے اظہار میں ایک زبان ہیں جمع ہیں۔ صرف اس غرض سے کہ میں اعلی حضرت کی رسومات تاج پوشی کو ہندوستان میں ادا کروں حضور ملک معظم نے مجھ کو بہ حیثیت وائسرائے کے اس دربار کے منعقد کرنے کا حکم دیا ہے اور صرف اس امر کے اظہار کے لئے کہ اعلی حضرت کی نظروں میں اس دربار کی بڑی وقعت ہے اُنھوں نے اپنے برادر حقیقی ہز رائل ہائینس ڈیوک آف کناٹ کو اس جلسے میں شریک ہونے کی غرض سے روانہ فرما کر ہم کو عزت بخشی ہے۔

چھبیس سال ہوئے کہ آج کے دن اور اسی شہر میں جو ہمیشہ سے شاہانہ جلسوں اور دیگر رسوم کا مرکز رہا ہے اور اسی مقام پر ملکہ وکٹوریا مرحومہ مغفورہ کے خطاب قیصر ہند اختیار فرمانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس دربار سے ملکہ آنجہانی کو ہندوستان کی رعایا کے ساتھ اپنی گہری محبت کا اظہار مقصود تھا اور ساتھ ہی یہ بھی جتلانا تھا کہ اب سلطنت انگریزی کے سایے میں ان کے باہمی نفاق فرو ہو گئے اور وہ سب یک جہت ہیں ہم آج خدا کے فضل سے ایک چوتھائی صدی کے بعد بھی پہلے سے کہیں زیادہ متفق ہیں

[۱] دربار تاج پوشی منعقدہ یکم جنوری ۱۹۰۳ء میں یہ اسپیچ لارڈ کرزن وائسرائے ہند نے ارشاد فرمائی۔ ۱۲

یہ شہنشاہ جس کے اظہار اطاعت کے لیئے آج ہم سب جمع ہوئے ہیں اہل ہند کی نظروں
میں کچھ کم عزیز نہیں ہے۔ کیوں کہ اُنھوں نے اپنی آنکھوں سے انھیں دیکھا ہے اور اپنے
کانوں سے اُن کی آواز سنی ہے وہ اب اس تخت پر جلوہ افروز ہوئے ہیں جو صرف شاندار
ہی نہیں بلکہ دنیا میں سب سے زیادہ دیر پا ہے اور وہ حقیقت میں انگریزی سلطنت
ہے جس کی بڑی قوت ہندوستان کی مقبوضات رعایا کی جاں نثاری حضور ملک معظم کی
اطاعت پر مبنی ہے اور جو معترض اس سے منکر ہے وہ بالکل نادان ہے۔ جیسا کہ ہندوستان
اپنے قدیم افسانوں سے مالا مال ہے خصلت و فاداری پر نازاں ہے جس کو مغرب نے
از سر نو مستقل کر دیا ہے مختلف صدیوں میں ہزار ہا لوگوں نے ہندوستان کی خواستگاری
کی مگر اس نے اپنے تئیں ایسی سلطنت کے حوالے کیا جس کو اس کی وفاداری پر پورا اعتماد
تھا تماشہ جو آج ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں دنیا میں ایسا اور کہیں ہونا ممکن
نہیں معلوم ہوتا۔ میرا مطلب اس وقت اس عظیم الشان ازدحام سے نہیں جس کو میں بے نظیر
خیال کرتا ہوں بلکہ میری مراد اس مجمع کی غرض اصلی سے ہے اور اُن اصحاب سے جن
کے دلی ولولوں کا یہ اظہار کر رہا ہے۔ سو سے زیادہ مختلف ریاستوں کے حکمران جن
کی رعایا کی کل آبادی باسٹھ کروڑ سے کم نہیں اور جن کی عمل داری کی حدود طول بلد
کے (۵۵) درجوں پر پھیلی ہوئی ہیں۔ اس وقت اپنے ایک بادشاہ کی اطاعت کی
توفیق کے لیئے حاضر ہیں۔ ہم ان کے اس وفادارانہ جوش کی جس نے ان کو ہزاروں کوس
سے باوجود بڑے بڑے فاصلوں کے دہلی کھینچ بلایا ہے بڑی قدر کرتے ہیں اور مجھ کو تھوڑی
دیر میں بہت فخر حاصل ہوگا جب کہ میں خود اُن کی زبان سے شہنشاہ ہند کی تہنیت کا
پیغام سنوں گا۔ جو فوجی افسر اس وقت موجود ہیں یہ ہندوستان کی دو لاکھ تیس ہزار
فوج سے انتخاب کیئے گئے ہیں جنھیں اس بات پر ناز ہے کہ وہ شہنشاہ کی فوج ہیں۔ دیسی
امرا عہدہ دار یا غیر عہدہ دار جو اس وقت موجود ہیں نہ (۲۴) کروڑ سے زیادہ آبادی
کے قائم مقام ہیں اس حساب سے میرے خیال میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس وقت دربار میں
دنیا کی آبادی کا پانچواں حصہ کچھ بذات خود اور کچھ بذریعہ وکیلوں اور اپنے حکمرانوں کی
جمع ہے سب کے دل میں ایک ہی جوش ہے اور سب کے سر تسلیم سریر السلطنت کے
سامنے خم ہیں۔ اگر یہ سوال کیا جائے کہ آخر کون سی بات ہے جس نے اس جم غفیر کو کھینچ بلایا

ہے تو جواب دیا جائے گا۔ بادشاہ کے ساتھ وفاداری۔ یعنی اُن کی عطوفت اور انصاف پر اعتماد اور اُن کا یہ بھروسہ ایک خیالی بات نہیں بلکہ اُن کے ذاتی تجربے کا نتیجہ ہے اور اُن کے دلی یقین کا اظہار ہے۔ کیوں کہ ملک معظم کی گورنمنٹ نے اس وسیع آبادی کے اکثر حصوں کو حملوں اور بدامنی سے آزادی دے دی ہے۔ سیکڑوں کے حقوق کی وہ حفاظت کرتی ہے اور سیکڑوں کے واسطے معزز روزگار کے فراخ راستے کھول دیئے ہیں اور تمام کے واسطے یکساں انصاف کرنے۔ ظلم سے بچانے اور تہذیب اور امن کی برکتوں کے پھیلانے میں کوشش کرتی ہے اور ایسی سلطنت پر قابض ہونا اول تو آسان کام نہیں پھر اُس کو ایماندارانہ اور منصفانہ طور سے سنبھالنا اور بھی مشکل کام ہے اور سب میں اہم یہ امر ہے کہ سب کو مدبرانہ سیاست سے شیر و شکر کردے۔ یہی مقاصد اور اغراض مدنظر ہیں جس لیئے آج یہ دربار کیا گیا ہے۔ اب میرا یہ فرض ہے کہ آپ کے روبرو حضور ملک معظم کا وہ شفقت آمیز پیغام پڑھوں جس کی بابت اُن حضرت نے آپ کو سنانے کے لیئے ارشاد فرمایا ہے۔ وہو ہذا۔ "مابدولت کو اس بات سے نہایت مسرت ہے کہ ہم اپنی ہندوستانی رعایا کو ایسے موقع پر جب کہ وہ مابدولت کی رسم تاج پوشی ادا کر رہے ہیں پیغام تہنیت بھیجیں۔ لندن کی تاج پوشی کے جلسے میں ہندوستانی رؤسائ اور قائم مقاموں کی ایک نہایت ہی قلیل تعداد شریک ہوئی تھی اس لیئے مابدولت نے وایسرائے اور گورنر جنرل کو اس امر کی ہدایت کی کہ دہلی میں ایک بہت بڑا دربار منعقد کیا جائے تاکہ تمام دیسی رؤسا۔ امرا۔ حکام گورنمنٹ اور اہل ہند کو اس مبارک رسم کے ادا کرنے کا موقعہ ملے جس وقت مابدولت ۱۸۷۵ء میں ہندوستان تشریف لے گئے اُس زمانے سے ہند اور اہل ہند کی محبت ہمارے دل میں جاگزیں ہے۔ مابدولت کے خاندان اور تاج و تخت کے ساتھ ان کو جو دلی اور سچی محبت ہے وہ بھی مابدولت پر خوب روشن ہے گزشتہ چند سال کے عرصے میں ان کی محبت اور جاں نثاری کی بہت سی شہادتیں مابدولت کے سامنے گزر چکی ہیں اور مختلف معرکوں میں ہماری ہندوستانی افواج نے جو کارہائے نمایاں کیئے ہیں اُن سے مابدولت بخوبی واقف ہیں۔ مابدولت نہایت وثوق سے امید کرتے ہیں کہ تھوڑے عرصے میں ہمارے فرزند دلبند شہزادۂ ویلز اور اُن کی بیگم صاحبہ پرنسس آف ویلز ہندوستان میں رونق افروز ہوں گے اور ایسے ملک سے ذاتی واقفیت پیدا کریں گے جس کی بابت مابدولت کی یہ تمنا رہی ہے کہ وہ اُس کو جا کر دیکھیں اور

خود اُن کو بھی اس کی بہت بڑا اشتیاق ہے۔ اگر ماید ولت کا تشریف لانا ہندوستان میں ممکن
ہوتا تو نہایت خوشی سے آتے مگر چونکہ یہ بات نہ ہوسکی اس لیئے ماید ولت اپنے برادرِ عزیز
ڈیوک آف کناٹ جن کو ہندوستان کا بچّہ بچّہ جانتا ہے روانہ فرماتے ہیں تاکہ جلسہ تاجپوشی
میں شاہی خاندان کے قائم مقام بن کر شریک ہوں۔ جب سے کہ ماید ولت اپنی والدہ
مکرمہ معظمہ ملکہ وکٹوریا مرحومہ مغفورہ اول قیصر ہند کے تخت پر جانشین ہوئے ہیں
ہماری یہ تمنا رہتی ہے کہ ہم انصاف اور انسانیت کے وہی اصول برتیں جن سے حکومت
کر کے ہماری مادر مشفقہ نے اپنی رعایا کے قلوب میں اپنی بزرگی اور عزت پیدا کرلی تھی۔ ماید ولت
اپنے تمام باج گزاروں اور اہل ہند کے ساتھ یہ وعدہ یہ تجدید کرتے ہیں کہ اُن کی آزادی کو
قائم رکھیں گے۔ اُن کے مراتب اور حقوق کی پاسداری کریں گے اور اُن کی بہبودی
کی کوشش میں کوئی دقیقہ باقی نہ چھوڑیں گے۔ یہی اصول اور اغراض ماید ولت کے مدنظر
ہیں اور خداوند عالم کے فضل و کرم سے امید ہے کہ ان سے قلمرو ہند کو سرسبزی حاصل ہوگی
اور ہندوستانی رعایا خوش و خرم رہے گی۔" ای شہزادگان والا تبار و ای اہل ہند یہ الفاظ
اُس ملک معظم کے ہیں جس کی رسم تاجپوشی کے ادا کرنے کے لیئے آج ہم سب جمع ہوئے ہیں
اُن کا حرف حرف اُن افسروں کے قلوب میں جو اُن کے خدمت گذار ہیں محرک یا الہام کا اثر
کرتا ہے اور ہر نکتہ خاص و عام کو بلند حوصلگی اور نیک نیتی کا سبق پڑھاتا ہے یہ الفاظ اُن
صاحبان کے لیئے جو میرے یا میرے پیشکار کی طرح شہنشاہ معظم کی گورنمنٹ کے بالاصالۃ آلات
ہیں وسیع اخلاق اور توسیع مملکت کے رہنما ہیں ہندوستان کا انتظام نرمی اور فیاضی سے
کرنے کا خیال جیسا کہ آج کل عروج پر ہے ایسا کبھی نہیں ہوا اور وہ لوگ جنھوں نے زیادہ
تکالیف برداشت کی ہیں وہ حقیقت میں زیادہ مستحق آفریں ہیں اور جنھوں نے عمدہ کارنمایاں
کیئے ہیں اُن کے حقوق بھی بڑے بڑے ہیں۔ ہندوستان کے رؤسا نے مملکت کی گزشتہ
لڑائیوں میں اپنے سپاہی اور تلواریں ہمارے نذر کیں اور دیگر مصائب میں بھی مثل قحط و
خشک سالی وغیرہ میں اُنھوں نے بڑی اولوالعزمی اور بلند ہمتی ظاہر کی۔ اب جو کچھ اُن کو
حاصل ہے اس سے زیادہ اور کیا دیا جا سکتا ہے۔ یہ بات بلا تردید کہی جاسکتی ہے کہ جو امن و عافیت
اُن کو حاصل ہے اس میں کبھی کسی طرح کا خلل نہیں آسکتا تاہم یہ بات ہمارے لیئے نہایت
باعث مسرت ہے کہ سرکار عالیہ اُن قرضوں کا جو دیسی ریاستوں کو گزشتہ قحط کے موقع پر

دیئے گئے ہیں یا سرکار اُن کی کفیل ہوئی ہے تین سال تک سود نہیں لے گی اور ہم کو امید ہے کہ وہ لوگ جن سے ایسی فیاضی کا سلوک کیا گیا ہے اس بات کو بخوشی منظور کریں گے ۔ اس عظیم الشان ملک میں اور جو کثیر التعداد جماعتیں اور فریق ہیں اور جن کی ترقی اور بہبودگی ہماری دلی تمنا ہے اُن کو بھی ہم بہت جلد کسی ٹیکس کی کمی کا مژدہ سنائیں گے ۔ سال حسابی کے وسط میں اعلان کرنا مناسب نہیں کیوں کہ ایسے موقعہ پر تخمینہ کرنا بڑا دشوار کام ہے ۔ تاہم اگر موجودہ حالت قائم رہی اور جیسا کہ ہم اُمید کرتے ہیں ۔ ہندوستان کی مالی بہبودی کا زمانہ شروع ہو گیا تو ہم کو اعتماد کامل ہے کہ ملک معظم کی عہد سلطنت کے اول ہی زمانے میں سرکار عالیہ رعایائے ہند کے ساتھ کسی ٹیکس کی تخفیف کرکے ہمدردی اور شفقت کے خیالات ظاہر کرے گی اور جب وقت کہ مجھ کو ان کا مصیبت کا زمانہ اور اس موقع پر ان کا صبر اور ان کی نمک حلالی یاد آتی ہے تو تخفیف ٹیکس کی تدابیر سوچنے میں مجھے نہایت خوشی ہوتی ہے ۔ یہاں اُن رعایتوں اور مہربانیوں کے بیان کرنے کی چنداں ضرورت نہیں جن کا دربار سے خاص تعلق ہے وہ کہیں اور درج ہیں تاہم فوجی افسروں سے میں اتنا کہنے کا مجاز ہوں کہ آج سے انڈین سٹاف کور کا نام موقوف ہو گیا اور آپ سب ملک معظم کی ہندوستانی افواج سے متعلق ہیں ۔ اے امرا عالی وقار و متوطنان ہند جب ہم ہندوستان کے مستقبل پر نظر ڈالتے ہیں تو بلا خطر خزاں اس ملک کی ترقی کا باغ سدا بہار نظر آتا ہے ۔ ہندوستان کے متعلق کوئی ایسا مسئلہ نہیں خواہ وہ آبادی کا ہو یا تعلیم کا ہو یا معاش کا جس کو موجودہ تدابیر نے حل نہ کیا ہو بہت سے مسائل کا حل تو اب ہماری آنکھوں کے سامنے ہو رہا ہے ۔ اگر برطانیہ اور ہند کی متفق افواج سرحد پر مسلسل امن قائم رکھ سکتی ہیں اور اگر ہند کے فرماں رواؤں اور رعایا یورپین ہندوستانیوں حاکموں اور محکوموں میں اتحاد رہے اور موسم اپنی فیاضی میں مضائقہ نہ کرے تو دیکھیں بھلا ہندوستان کی ترقی کس طرح رُک سکتی ہے ۔ ہندوستان بفضل کردگار ایک مستقل قحط ناک ۔ بدبخت اور نفاق سے بھرا ہوا ہندوستان نہیں ہوگا بلکہ اس کی تجارت کے چشمے جاری ہو جائیں گے اس کے باشندوں کی عقلیں بیدار ہو جائیں گی ۔ اس کی بہبودی روز افزوں ہوگی اور آرام اور دولت کی ہر طرف ریل پیل ہو جائے گی ۔ میں اپنے ضمیر اور اپنے ملک کے مقاصد پر بھروسہ کرتا ہوں اور ساتھ ہی مجھ کو اس ملک کے بے انتہا ترقی کے سامان

دیکھ کر یقین ہے کہ ترقی ضرور ہوگی لیکن یہ یاد رہے کہ یہ مستقبل کبھی بہ صورت حال نہیں ہوسکتا جب تک کہ کسی بے نظیر حکومت کی عظمت نہ تسلیم کرلی جائے اور یہ بات صرف زیر سایۂ سلطنت برطانیہ ہی ممکن ہے۔ اور اب میں اس تقریر کو اختتام پر لانا چاہتا ہوں۔ میں امید کرتا ہوں کہ اہل ہند کو یہ مجمع عظیم مدت دراز تک یاد رہے گا اس اعتبار سے کہ یہاں ان کو بڑی تقریب کے موقع پر اپنے شہنشاہ کی ذات اور اُن کے خیالات سے معرفت تامہ ہوئی۔ میں امید کرتا ہوں کہ لوگ جب اس تقریر کو یاد کریں گے اُن کو فرحت اور مسرت ہوگی اور زمانہ شاہ ایڈورڈ ہفتم کا عہد جس کا آغاز ایسا مسعود ہے تواریخ ہند اور سینۂ اہل ہند میں محفوظ رہے۔ ہم دعا کرتے ہیں کہ فرماں روا عالم اور قادر مطلق کی عنایت سے ان کی شہنشاہی اور قوت سالہائے دراز تک قائم رہے۔ ان کی رعایا کی بہبودی روز بروز ترقی کرے۔ ان کے افسروں کے انتظام پر عقل اور نیکی کی مہر ثبت ہو اور اُن کی سلطنت کا استحفاظ و بہبود ہمیشہ برقرار رہے۔"

خدا کرے ہمارا بادشاہ زندہ سلامت رہے"

نوٹ:۔ انگریزی اسپیچ کا یہ ترجمہ شمس العلماء ڈاکٹر مولوی نذیر احمد صاحب دہلوی کا ہے ۱۲

(۱۳۱) شاہی اسپیچ[1]

نہایت شکر اور خوشی کا مقام ہے کہ ما بدولت و اقبال آج آپ لوگوں کے درمیان یہاں رونق افروز ہیں۔ یہ سال علیا حضرت اقدس قیصرہ ہند اور ما بدولت و اقبال کے لئے بہت سی بڑی رسومات مسعود اور غیر معمولی مگر خوشگوار مصروفیت کا رہا ہے لیکن باوجود عدیم الفرصتی اور فاصلے کے ہماری گزشتہ تشریف آوری ہندوستان کی با مسرت یادگاریں پھر ہمیں اس سرزمین کی طرف کھینچ لائی ہیں جس سے ہم کو اُس وقت دلی اُلفت ہوگئی تھی لہذا ہم نہایت اشتیاق سے اتنے لمبے سفر پر اُس ملک کو دوبارہ دیکھنے کے لئے روانہ ہوئے جہاں پہلے بھی اپنے گھر کی طرح ہماری خاطر و مدارات ہوئی تھی۔ اس اقدام میں ما بدولت و اقبال نے اپنے اُس ارادۂ سینہ کو پورا کیا ہے جو گزشتہ ماہ جولائی کے شاہی اعلان میں ہم نے ظاہر فرمایا تھا کہ بذات اقدس خود آپ لوگوں کو مطلع فرمائیں گے کہ ہماری تاج پوشی کی رسم مبارک وسٹ منسٹر ایبی بائیس جون

[1] بدربار تاج پوشی منعقدہ ۱۲ دسمبر سنہ ۱۹۱۱ء - ۱۲

کو عمل میں آئی جب خدائے تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہمارے بزرگوں کا تاج قدیمی اور مقدس رسوم کے ساتھ ہمارے سرِ مبارک پر رکھا گیا تھا۔ علیا حضرت قیصرہ ہند کے ہمراہ ہماری تشریف آوری سے ظاہر ہے کہ مابدولت واقبال کو وفادار والیانِ ریاست اور فرماں بردار رعایائے ہندوستان سے کس قدر محبت ہے اور مملکت ہندوستان کی بہبودی اور خوش حالی ہماری خاطر مبارک کو کس قدر منظور ہے۔ علاوہ بریں ہماری یہ بھی خواہش ہے کہ جو لوگ تاج پوشی کی رسم مبارک ادا ہونے کے وقت حاضر نہ ہو سکتے تھے اُن کو دہلی میں تاج پوشی کے اعلان کے دربار میں شریک ہونے کا موقع ملے۔ مابدولت واقبال اور علیا حضرت قیصرہ ہند کو یہ مجمع عظیم اور اُس میں اپنے گورنر معتمد اولیائے دولت و اولیائے معظم۔ لوگوں کے عمائدین اور اپنی مملکت ہندوستان کی جنگی افواج کے چیدہ اشخاص کو دیکھ کر مسرت اور خوشنودی حاصل ہوئی ہے۔ مابدولت کو قلبی خوشی حاصل ہو گئی کہ وہ ہماری ذات اقدس کے قدوم میمنت لزوم میں اطاعت اور بیعت کا اظہار کریں جو وہ وفاداری سے کرنا چاہتے ہیں اس احساس سے ہماری خاطر مبارک پر نہایت اثر ہوا ہے کہ اس تاریخی موقعہ پر والیان ریاست اور رعایا کے خلوص کے جذبات اور با محبت صادقانہ اظہارات کو ہمارے ساتھ متحد کرتے ہیں۔ اُن اظہارات کی قدردانی کے لیئے مابدولت واقبال کی رائے مبارک قرار پائی ہے کہ اپنی تاج پوشی کے جشن مبارک کی یادگار اپنی مرحمت مخصوص اور الطاف شاہانہ کے بعض علامات سے قائم فرمائیں اور ہم فرمائیں گے کہ ہمارے گورنر جنرل آج موقع مناسب پر اس مجمع کے حضور میں اُن کا اعلان کریں۔ آخر الامر مابدولت واقبال اس موقع پر نہایت مسرت سے بذات اقدس خود اُن عہود کی تجدید فرماتے ہیں جن کی بابت ہمارے معظم اسلاف آپ لوگوں کو مطمئن کر گئے ہیں کہ آپ کے حقوق اور اختیارات برقرار رکھے جائیں گے اور آپ کی بہبودی۔ رفاہیت اور خوش حالی ہمیشہ ہمارے مد نظر رہے گی۔ دعا ہے کہ فضل الٰہی ہماری رعایا کے شامل رہے اور ہم کو توفیق عطا کرے کہ اُن کی خوش حالی اور اقبال مندی کی ترقی کے لیئے اپنی سعی بلیغ میں ہم کامیاب ہوں۔ مابدولت واقبال تمام حاضرین اور اپنے زیر حمایت رؤسا اور رعایا کو مرحمت آمیز شاہانہ سلام پہنچاتے ہیں"

(۱۳۲) اعلانِ مراعات شاہی از طرف لارڈ منٹو گورنر جنرل ہند ۱۲ دسمبر ۱۹۱۱ء

تمام اُن لوگوں کو جن سے یہ احکام تعلق رکھتے ہیں واضح اور لائح ہو کہ حسب الحکم
ہز موسٹ ایکسلنٹ میجسٹی جارج پنجم بفضل ایزدی بادشاہ ممالک متحدہ برطانیہ اعظم و
آیرلینڈ و برٹش ممالک بحری و محافظ دین و قیصر ہند میں اعلیٰ حضرت کا گورنر جنرل اس اعلان
کے ذریعے سے اُن عطایا و مراعات معافیات اور عنایات کا اظہار کرتا اور اُس کی اطلاع
دیتا ہوں جو ہز امپیریل میجسٹی نے براہ نوازش خسروانہ اس عالی شان اور قابل یاد موقع
پر عطا فرمائے ہیں:۔ تعلیم۔ گورنمنٹ ہند نے جو مودبانہ طور پر ملک معظم کی مرضی اور خوشی پر
عمل کرتی ہے بہ اجازت سکریٹری آف سٹیٹ ہند یہ تجویز کی ہے کہ سلطنت ہند کے سرمایہ پر
تعلیمی ترقی ہند کے حقوق تسلیم کرے اور واجبی تعلیمی مطالبات کے لحاظ سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ
کوشش کر کے ہند میں تعلیم کو جس قدر ممکن ہو وسیع اور لوگوں کے لئے آسانی سے حاصل ہونے
کے قابل کر دے۔ اس مقصد کے لیے اس کا ارادہ ہے کہ فوراً سچی عام تعلیم کی ترقی کے لئے
پچاس لاکھ روپئے کا صرفہ برداشت کرے اور گورنمنٹ کا یہ مستحکم ارادہ ہے کہ اس وقت کی
اعلان کردہ رقم میں آیندہ سالوں میں فیاضانہ طور پر مزید اضافہ کرے۔ فوج ملک معظم نے
اپنی بحری و بری افواج کی وفادارانہ خدمات کو مہربانی کے ساتھ تسلیم کر کے مجھے حکم دیا ہے
کہ میں اعلان کروں کہ نصف ماہ کی تنخواہ ایسے کل نان کمیشنڈ افسران و ہند کی برٹش افواج
کے کل درجے کے محکمجات کے مستقل ملازمین کو جن میں بحساب فوجی تخمینہ جات کے تنخواہ ملتی
ہے اور جن کی تنخواہ پچاس روپیئے ماہوار سے زائد نہیں۔ عطا ہو۔ مزید براں ملک ممدوح نے
براہ مہربانی خوشی سے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اس وقت سے افواج ہند کے کل وفادار ہندوستانی
افسران وزیر و فوج کے کل افسران و ملازمین میدان جنگ میں دلیری ظاہر کرنے کے
تمغہ وکٹوریا کراس پانے کے مستحق قرار دیئے جائیں اور اس دربار کے دس سال کے
اندر آرڈر آف برٹش انڈیا کے ممبران میں اس طرح اضافہ کیا جائے کہ اول درجے
میں (۵۲) تقررات ہوں اور ان تواریخی رسومات کی یادگار میں اول درجے میں وہ
۲۱ جدید تقرر اور درجۂ دوم میں اُنیس نئے تقرر اس وقت کیئے جائیں اور اس وقت
سے ہندوستانی افسران سرحدی فوج کو اور فوجی پولیس کو مذکورۂ بالا آرڈر میں داخل

ہونے کے قابل سمجھا جائے اور یہ کہ جس حالت میں جیسا مناسب ہو خاص عطیہ جات اراضی یا معافی لگان اُن چند ہندوستانی افسران فوج ملک معظم کو دیئے جائیں گے جنھوں نے طویل اور قابل عزت خدمات کی شہرت حاصل کی ہو اور وہ خاص پنشن جواب صرف تین سال کے لیئے انڈین آرڈر آف مرٹ کے متوفی ممبران کی بیوگان کو دی جاتی ہے۔ اس دربار کی تاریخ سے اُن بیوگان کو تا بعمر یا جس وقت تک وہ دوسری شادی نہ کرلیں عطا کی جائے۔

سول سروس۔ مہربانی کے ساتھ اپنے سول ملازمین کی کامیابی اور محنت کے ساتھ انجام دہی خدمات کو قبول کرتے ہوئے ملک معظم نے مجھے حکم دیا ہے کہ ظاہر کروں کہ اُن سول ملازمین گورنمنٹ کو جن کی تنخواہ پچاس روپیئے ماہوار سے زیادہ نہ ہو نصف ماہ کی تنخواہ عطا کی جائے۔

ہندوستانی خطابات کے تمغے۔ مزید براں ملک معظم براہ عنایت خسروانہ یہ حکم دیتے ہیں کہ کل اصحاب کو جنھیں خطابات دیوان بہادر۔ سردار بہادر۔ رائے بہادر خان صاحب۔ رائے صاحب۔ یا راؤ صاحب عطا ہوئے ہوں یا آئندہ عطا ہوں بطور نشان اعزاز و تکریم اُن کو بیج عطا کیئے جائیں۔

مذہبی و علمی خطابات کی پنشن۔ اور یہ کہ اُن کل معزز اصحاب کو جنھیں مہامہو پادھیا و شمس العلماء کے معزز خطابات عطا ہوئے ہیں یا آئندہ عطا ہوں قدیم ہندوستانی تعلیم کی عمدہ رپورٹ ہونے پر کچھ رقم بطور سالانہ پنشن[1] کے عطا کی جائے۔

پبلک سروس مزید براں بیادگار اس دربار کے اور نمایاں پبلک سروس کے صلہ میں کچھ اراضیات عطا کی جائیں اور یہ بطور معافی کے پانے والے کی حین حیات تک کے لیئے ہوں۔ یا حسب تجویز لوکل گورنمنٹ شمالی و مغربی سرحدی صوبجات و بلوچستان میں پانے والے کی اولاد تک کی حین حیات تک کے لیئے عطا کی جائیں گی۔

والیانِ ریاستِ ہند۔ اپنے والیانِ ریاست ہند کی بہبودی کے لیئے ملک معظم نے مجھے براہ عنایت حکم دیا ہے کہ یہ اعلان کروں کہ اس وقت سے ریاستوں سے گدّی نشینی کے موقع پر نذرانہ نہ لیا جائے اور متفرق قرضے جو ریاست ہائے کاٹھیاوار و گجرات و بھومیان و والیانِ ریاست میواڑ کی جانب سے گورنمنٹ کو واجب الادا ہیں پورے

[1] چنانچہ بعد میں ان دونوں خطابوں کے لیئے سو سو روپیہ ماہانہ مقرر کیا گیا۔ ۱۲

طور پر یا ان کا کچھ حصہ بحکم گورنمنٹ ہند معاف کر دیا جائے یا چھوڑ دیا جائے۔

افواج امپیریل سروس۔ افواج امپیریل سروس میں ازراہ قدردانی چند تقررات کا آرڈر آف برٹش انڈیا کے مطابق اضافہ کیا جائے۔

قیدیوں کی رہائی۔ اپنے شاہی ترحم سے ملک معظم نے براہ مہربانی مجھے حکم دیا ہے کہ بعض قیدیوں کو جو اس وقت بباعث جرائم یا بدچلنی کے سزا بھگت رہے ہیں رہائی دی جائے اور جو کل سول قرضہ داران جو جیل خانوں میں ہیں اور جن کے قرضے کم ہوں اور بوجہ فریب کے قید میں نہ ہوں بلکہ بباعث اصلی مفلسی کے ہوں۔ رہا کر دیئے جائیں اور اُن کے قرضے گورنمنٹ کی طرف سے ادا کر دیئے جائیں۔ اُن اشخاص کے نام جو ان عطیات رعایات معافیات اور عنایات سے مستفیض ہوں گے مع تفصیل اور شرائط متعلقہ کے بعد ازیں شائع کیئے جائیں گے۔ خدا ملک معظم کو سلامت رکھے"۔ اس کے بعد اُسی جلوس سے ہز میجسٹی نے دربار ہال کے اندرونی پویلین میں نزول اجلال فرمایا اور تخت پر جلوہ افروز ہوئے اور لوگوں کا یہ خیال تھا کہ اب دربار ختم ہو گیا لیکن جب حاضرین نے دیکھا کہ ہز میجسٹیز کھڑے ہو گئے اور حضور ملک معظم نے گورنر جنرل سے ایک کاغذ لے کر پڑھنا شروع فرمایا تو لوگ ہمہ تن گوش ہو گئے کہ خدا معلوم زبان فیض ترجمان سے اب کس نئی بات کا ظہور ہوتا ہے اور وہ حسب ذیل

دہلی کو پایۂ تخت بنائے جانے اور تقسیم بنگال کی منسوخی کا اعلان

تھا۔ "ہم خوشی کے ساتھ اپنی رعایا کو اعلان کرتے ہیں کہ بصلاح اپنے وزرا کے جو بعد گورنر جنرل باجلاس کونسل سے مشورہ لینے کے کی گئی ہم نے فیصلہ کر لیا ہے کہ گورنمنٹ ہند کا دارالسلطنت اب بجائے کلکتہ کے دہلی قرار دیا جائے جو زمانہ قدیم میں رہا ہے۔ اور بباعث اس تبدیلی کے جس قدر جلد ممکن ہو صوبہ بنگال کے لیئے ایک گورنری قائم کی جائے اور علاقہ ہائے بہار۔ چھوٹا ناگپور واڑیسہ کے لیئے نئی لفٹنٹ گورنری اور آسام کے لیئے چیف کمشنری قائم ہو اور ان صوبہ جات کی حلقہ بندی از سر نو اس طرح پر اور ایسے تغیرات کے ساتھ کی جائے جیسا کہ گورنر جنرل باجلاس کونسل بہ پسندیدگی وزیر ہند باجلاس کونسل بعد ازاں قطعی طور پر طے کریں۔ ہماری یہ دلی خواہش ہے کہ ان تغیرات کے باعث ہند کا انتظام بہتر طریق پر کر دیا جائے گا اور ہماری عزیز رعایا کی سر سبزی

۱؎ اس فرمان کی روسے (۱۱۷۶۳) قیدی رہا ہوئے اور نیک رویہ قیدیوں کی میعاد فی سال ایک ماہ کی تخفیف کی گئی اور سو روپیے سے کم قرضہ کے دیوانی کے قیدی بھی چھوڑ دیئے گئے جن کا قرضہ گورنمنٹ نے ادا کیا۔ ۱۲

اور راحت بڑھ جائے گی۔"

سنہ ۱۹۱۴ء کا پیغام شاہی من جانب ملک معظم جارج پنجم (۱۳۳۳ھ)

حضرت ممدوح کی بالذات حکمراں گورنمنٹوں ورعایا کے نام

گزشتہ چند ہفتوں سے ما بدولت کی سلطنت کے کل لوگ خواہ وہ ہوم سلطنت کے ہوں یا وراء البحر کے یک دل اور یک جہت ہوکر اُس حملے کی مقاومت اور انسداد کے لیئے جو قیام سولیزیشن اور امن انسانی پر کیا گیا ہے ایسے آمادہ ہوگئے ہیں کہ جس کی نظیر نہیں ہے۔ یہ مصیبت ناک معرکہ میرا برپا کیا ہوا نہیں ہے۔ میری ساری پکار امن کی طرف تھی۔ میرے وزراء نے ایسے جھگڑے کو جس کو میری سلطنت سے تعلق نہ تھا ٹھنڈا کرنے اور اختلاف مٹانے کی سرتوڑ کوشش کی اگر میں اُن معاہدات سے علی الرغم علیحدہ کھڑا ہوجاتا جس کی ایک فریق میری سلطنت تھی۔ تو سرزمین بلجیم ویران ہوجاتی اور اُس کے شہر اُجڑ جاتے جب کہ فرنچ قوم کا وجود خود عین معرض خطر میں تھا تو میں گویا اپنی وقعت کو بٹہ لگاتا اور اپنی سلطنت اور نسل انسانی کی آزادی کو تباہ کرتا۔ میں خوش ہوں کہ میری سلطنت کا ہر حصہ اس فیصلے میں میرے ہم خیال ہے۔ معاہدات کی اہمیت حکمرانوں اور لوگوں کے مواثیق کا سب سے مقدم خیال رکھنا برطانیۂ اعظم اور اُس کی سلطنت کی ہمیشہ سے میراث رہی ہے۔ میری خود حکمراں سلطنتوں کی رعایا نے بلاشائبہ شک ظاہر کردیا ہے کہ وہ دل وجان سے اس اہم فیصلے سے ہم زبان ہیں جس کے اختیار کرنے کی ضرورت داعی تھی۔ ماوراء البحر کی سلطنتوں کی وفاداری اور جاں نثاری کے متعلق میرے ذاتی علم نے مجھے اس امید پر آمادہ کردیا ہے کہ وہ بطیب خاطر بڑی کوششیں کریں گے اور بڑے نقصانات برداشت کریں گے جو معرکۂ حالیہ کے ساتھ متلازم ہیں جس طرح پورے طور پر انھوں نے اپنی خدمات اور ذرائع آمدنی ما بدولت کے اختیار میں دے دیئے ہیں اس نے مجھے احسان مندی سے مملو کردیا ہے اور مجھے فخر ہے کہ میں دنیا پر اس امر کے اظہار کے قابل ہوا ہوں کہ میرے ماوراء البحر کے لوگ بھی اس حق بہ جانب معاملے کو کامیاب انجام پر پہونچانے کے لیئے ہی تُلے ہوئے ہیں جیسے کہ ممالک متحدہ کے لوگ۔

کینیڈا کی سلطنت۔ آسٹریلیا کی جمہوری سلطنت۔ اور نیوزیلینڈ کی سلطنت نے اپنی بحری افواج مابدولت کے اختیار میں تفویض کردی ہیں جو سلطنت کے لیے اب تک بھی اچھی خدمات کرتے رہے ہیں۔
کینیڈا، آسٹریلیا اور نیوزیلینڈ میں زبردست حملہ آور لشکر محاذ کی خدمات کے لیے تیار کئے جارہے ہیں اور جنوبی افریقہ کی یونین نے تمام انگریزی افواج کو سبکدوش کرکے تمام اہم فوجی ذمہ واریاں اپنے ذمے لے لی ہیں جن کا انصرام سلطنت کے لیے بے انتہا قیمتی ہوگا۔
نیوفئونڈلینڈ نے اپنی بحری شاہی رزرو فوج کی شاخ کی تعداد کو المضاعف کردیا ہی اور محاذ کی عملی کارروائی میں حصہ لینے کے لیے ایک (معقول) تعداد سپاہیوں کی بھیج رہے ہیں۔
کینیڈا کی سلطنت اور پراونشل گورنمنٹوں کی جانب سے سامان رسد کے کثیر التعداد اور قابل قدر تحائف میرے بحری اور فوجی دونوں لشکروں اور ممالک متحدہ کی مصائب کی تخفیف کے لیے روانہ ہوچکے ہیں جن کا لڑائی کی ہلچل میں ہونا لازمی ہی۔
اس طریقے سے میری سلطنت کے ماورا البحر کے تمام حصص نے باوجودیکہ اُن کے حالات اور مواقع مختلف ہیں اصول اتحاد سلطنت کو یقینی طور پر ثابت کردیا ہی۔

ہندوستانی رؤسا اور رعایا کے نام

اُن بہت سے واقعات میں جن کے سبب سے مابدولت کی سلطنت کے باشندے ایک دم اتحاد اور راست بازی کی محافظت کے لیے اُٹھ کھڑے ہوئے ہیں۔ کسی چیز نے میرے دل پر اس سے زیادہ اثر نہیں کیا ہی جتنا کہ اُس ولولۂ جاں نثاری نے جو میرے تخت کے ساتھ رعایا اور باج گزار رؤسا والیان ہند دونوں نے ظاہر کیا ہی (اور نیز) اُن کے جان و مال کے فیاضانہ پیشکش نے جو اُنھوں نے سلطنت کے معرکے میں کیا ہی۔
اس معرکے میں پیش قدمی کے لیے اُن کے ہم آہنگ مطالبے نے میرے دل پر خاص اثر کیا ہی اور اُس محبت اور خلوص کو اعلیٰ ترین درجے پر پونہچا دیا ہی جس کو میں بخوبی جانتا

ہوں کہ ہمیشہ سے ہندوستانی رعایا کو اور مابدولت کو وابستہ کر دیا ہے۔
ہندوستان کا وہ قابل قدر پیغام خیر سگالی اور یگانگت جو انگریزی قوم کو فروری ۱۹۱۲ء
میں میری واپسی کے وقت دہلی میں میرے دربار تاجپوشی کے سنجیدہ مراسم کے بعد پیش
کیا تھا مجھے یاد ہے اور اس آزمایش کی گھڑی میں ایک بھرپور ثمرہ اور ایک شریفانہ
ایفاء اُس اطمینان کا جو آپ نے دلایا تھا کہ برطانیۂ اعظم اور ہندوستان کا سنجوگ
ناقابل انفکاک طور پر جوڑا گیا ہے پاتا ہوں۔

(۱۳۴) اعلانِ شاہی

(۱۲ ردسمبر ۱۹۱۹ء)

جارج پنجم بفضل ایزدی تاجدار دولتہائے متحدہ برطانیہ عظمےٰ و آیرلینڈ و مفبوضات
برطانوی ناورائے بحر، شاہ دین پناہ شہنشاہ ہند کی طرف سے مابدولت کے
وائسرائے اور گورنر جنرل ہندوستانی والیان ریاست اور مابدولت کی تمام رعایائے
ہند بلا امتیاز نسل و مذہب کو بعد از سلام واضح ہو۔ کہ

(۱) ہندوستان کی تواریخ میں آج سے ایک نیا دور شروع ہوتا ہے۔ مابدولت نے
ایک ایسے قانون کی شاہی منظوری عطا کی ہے جو اُن عظیم تواریخی تدابیر میں شامل ہوگا
جو اس سلطنت کی پارلیمنٹ نے ہندوستان کے نظام حکومت کی بہتری اور اُس کے
باشندگان کے اطمینان کی افزونی کے لیئے وقتاً فوقتاً منظور کی ہیں ۱۷۷۳ء کے
ایکٹ آنریبل ایسٹ انڈیا کمپنی بہادر کے زیر تحت باقاعدہ نظم و نسق اور عدل و انصاف
کے انتظام کی غرض سے وضع کیئے گئے تھے ۱۸۳۳ء کے ایکٹ نے ہندوستانیوں کے
لیئے سرکاری عہدوں اور ملازمت کے دروازے کھول دیئے تھے ۱۸۵۸ء کے ایکٹ
کی رو سے عنانِ حکومت کمپنی بہادر کے ہاتھ سے نکلکر تاج برطانیہ کی طرف منتقل کردی
گئی اور ہندوستان کی موجودہ پبلک زندگی کی بنیاد پڑی ۱۸۶۱ء کے ایکٹ نے
ہندوستان میں نیابتی مجالس کا بیج بویا اور اُس بیج نے ۱۹۰۹ء کے ایکٹ سے
نشو و نما حاصل کی۔ جو ایکٹ اب قانون کی صورت میں منظور کیا گیا ہے۔ اُس کے
زیر اثر باشندگان کے منتخب شدہ نمائندوں کو حکومت میں مخصوص حصہ تفویض کیا جاتا

ہے۔ اور یہ ایکٹ بعد میں مکمل ذمہ وارانہ حکومت کا راستہ بنتا ہے۔ اگر جیسا کہ مابدولت
کو کامل امید ہے۔ وہ پالیسی جو اس ایکٹ کی رو سے اختیار کی جاتی ہے۔ اپنے مقصد میں
کامیاب ہوئی تو اس کے نتائج انسانی ترقی کی تاریخ میں نہایت اہم ہوں گے
اور اس وقت مناسب اور برمحل ہے کہ مابدولت تمھیں آج اس امر کی دعوت دیں
کہ ماضی پر غور کرو اور ہمارے ساتھ آئندہ کی امیدوں میں شریک ہو۔

(۲) جب سے ہندوستان کی خیر و فلاح ہمیں تفویض کی گئی ہے۔ ہمارے شہنشاہی گھرانے
اور ہمارے خاندان نے اس کو ایک مقدس امانت تصور کیا ہے۔ ۱۸۵۸ء میں ملکۂ معظمہ
وکٹوریا آنجہانی نے باضابطہ طور پر اپنے آپ کو اپنی ہندوستانی رعایا کے ساتھ انہیں
فرائض کے احساسات سے وابستہ کیا۔ جن سے وہ اپنی دوسری رعایا سے وابستہ تھیں
اور ان کو ان کی مذہبی آزادی اور قانون کی مساوی اور غیر جانبدار حفاظت کا یقین
دلایا اُس پیغام میں جو ہمارے پیارے والد معظم شاہ ایڈورڈ ہفتم نے ۱۹۰۳ء میں ہندوستانیوں
کے نام ارسال فرمایا تھا۔ اعلان کے ساتھ کہ ان کا مصمم ارادہ ہے کہ اپنی ہمدردانہ اور
منصفانہ انتظام حکومت کے اصولوں کو غیر متغیر انداز سے برقرار رکھا جائے۔ پھر ۱۹۰۸ء
کے اعلان میں اعلیحضرت آنجہانی نے گزشتہ پچاس سال کے وعدوں کی تجدید کی۔
اور اس ترقی پر ایک نظر بازگشت ڈالی۔ جو ان ہی کی وجہ سے ظہور میں آئی تھی۔
۱۹۱۰ء میں تخت نشین ہونے پر خود مابدولت نے ہندوستان کے والیان ریاست
اور باشندگان کے نام ایک پیغام بھیجا تھا جس میں مابدولت نے ان کی وفاداری اور
مطابعت کا اعتراف کیا تھا کہ ہندوستان کی خوشحالی اور شادمانی ہمارے لیے ہمیشہ
انتہائی دلچسپی اور وابستگی کا موجب ہوگی۔ ایک سال مابدولت نے علیاحضرت
شہنشاہ بیگم کی معیت میں ہندوستان کا سفر کیا۔ اور اپنی اس ہمدردی کا جو مابدولت
کو اس کے باشندوں کے ساتھ ہے اور اپنی اس آرزو کا جو مابدولت کے دل میں ان کی
بہتری کے لئے ہے۔ ثبوت دیا۔

(۳) یہ وہ جذبات محبت و شفقت ہیں۔ جن سے مابدولت اور ہمارے پیشرو متاثر
ہوتے رہے ہیں۔ ساتھ ہی پارلیمنٹ اور اس قلمرو کے باشندگان اور ہمارے جو عہدہ دار
ہندوستان میں ہیں۔ ہندوستان کی اخلاقی اور مادی ترقی کے لئے یکساں سرگرمی

